Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Kis Sher Ki Aamad Hai Ke Ran Kaanp Raha Hai

کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے

Marsiya by Mirza Dabeer

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Kis sher ki aamad hai ke ran kaanp raha hai
کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے

Rustam ka jigar zer-e-kafan kaanp raha hai
رستم کا جگر زیر کفن کانپ رہا ہے

Har qasr-e-salateen-e-zaman kaanp raha hai
ہر قصر سلاطین زمن کانپ رہا ہے

Sab ek taraf charkh-e-kuhan kaanp raha hai
سب ایک طرف چرخ کہن کانپ رہا ہے

Shamsheer ba kaf dekh ke Haidar ke pisar ko
شمشیر بکف دیکھ کے حیدر کے پسر کو

Jibreel larazte hain samete hue par ko
جبریل لرزتے ہیں سمیٹے ہوئے پر کو

What lion is coming, that the battlefield is trembling?
Rustam's heart is trembling beneath his shroud;
every palace of the sultans of the age is trembling;
leave all else aside, the ancient sky is trembling.
Seeing the son of Haidar sword in hand,
Gabriel trembles with his wings drawn in.

Free to read, copy and share

2

Haibat se hain na qila-e-aflak ke darband
ہیبت سے ہیں نہ قلعۂ افلاک کے دربند

Jallad-e-falak bhi nazar aata hai nazar band
جلاد فلک بھی نظر آتا ہے نظر بند

Wa hai kamar-e-charkh se Jauza ka kamar band
وا ہے کمر چرخ سے جوزا کا کمر بند

Sayyare hain ghaltan sifat-e-tair-e-par band
سیارے ہیں غلطاں صفت طائر پر بند

Angusht-e-Utarid se qalam chhoot para hai
انگشت عطارد سے قلم چھوٹ پڑا ہے

Khursheed ke panje se alam chhoot para hai
خورشید کے پنجے سے علم چھوٹ پڑا ہے

From awe, the fortress of the heavens has no bars left on its gates;
even the executioner of the sky looks like a man under guard;
the girdle of Gemini has come loose from the waist of the sky;
the planets are tumbling like birds whose wings are bound.
The pen has slipped from the fingers of Mercury,
the standard has slipped from the grip of the sun.

3

Khud fitna-o-shar parh rahe hain fatiha-e-khair
خود فتنۂ و شر پڑھ رہے ہیں فاتحۂ خیر

Kehte hain anal-abd laraz kar sanam-e-dair
کہتے ہیں انا لعبد لرز کر صنم دیر

Jaan ghair hai tan ghair makeen ghair makaan ghair
جاں غیر ہے تن غیر مکیں غیر مکاں غیر

Ne charkh ka hai daur na sayyaron ki hai sair
نے چرخ کا ہے دور نہ سیاروں کی ہے سیر

Sakte mein falak khauf se manind-e-zameen hai
سکتے میں فلک خوف سے مانند زمیں ہے

Juz bakht-e-Yazid ab koi gardish mein nahin hai
جز بخت یزید اب کوئی گردش میں نہیں ہے

Strife and evil themselves are reciting a fatiha for good;
the idols of the temple tremble and say, 'I am a servant';
the soul is altered, the body altered, the dweller altered, the dwelling altered;
the sky does not turn, the planets do not move.
The sky stands stunned with fear, as still as the earth;
nothing is turning now but the fortune of Yazid.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

4

Be hosh hai bijli pe samand un ka hai hushyar
بے ہوش ہے بجلی پہ سمند ان کا ہے ہشیار

Khwabida hain sab tale-e-Abbas hai bedar
خوابیدہ ہیں سب طالع عباس ہے بیدار

Poshida hai khursheed alam un ka namudar
پوشیدہ ہے خورشید علم ان کا نمودار

Be noor hai munh chaand ka rukh un ka ziya bar
بے نور ہے منہ چاند کا رخ ان کا ضیا بار

Sab juz hain kul rutba mein kehlate hain Abbas
سب جزو ہیں کل رتبہ میں کہلاتے ہیں عباس

Kaunain piyada hain sawar aate hain Abbas
کونین پیادہ ہیں سوار آتے ہیں عباسؑ

Lightning lies senseless, but his steed is alert;
all fortunes sleep, but the fortune of Abbas is awake;
the sun is hidden, but his standard is in view;
the moon's face is dark, but his face showers light.
All others are parts; in rank it is Abbas who is called the whole.
Both worlds go on foot; Abbas (a) comes riding.

5

Chamka ke mah-o-khur zar-o-nuqra ke asa ko
چمکا کے مہ و خور زر و نقرہ کے عصا کو

Sarkate hain pir-e-falak pusht-e-dota ko
سرکاتے ہیں پیر فلک پشت دوتا کو

Adl aage barha hukm ye deta hai qaza ko
عدل آگے بڑھا حکم یہ دیتا ہے قضا کو

Haan baandh le zulm-o-sitam-o-jaur-o-jafa ko
ہاں باندھ لے ظلم و ستم و جور و جفا کو

Ghar loot le bughz-o-hasad-o-kizb-o-riya ka
گھر لوٹ لے بغض و حسد و کذب و ریا کا

Sar kaat le hirs-o-tama-o-makr-o-dagha ka
سر کاٹ لے حرص و طمع و مکر و دغا کا

Burnishing his staffs of gold and silver, the sun and the moon,
the old man of the sky shifts his back, bent double;
Justice has stepped forward and gives Fate this command:
'Come, tie up oppression, cruelty, tyranny and wrong;
plunder the house of malice, envy, lying and hypocrisy;
cut off the head of greed, avarice, deceit and fraud.'

Free to read, copy and share

6

Rahat ke mahallon ko bala poochh rahi hai
Hasti ke makanon ko fana poochh rahi hai
Taqdeer se umr apni qaza poochh rahi hai
Donon ka pata fauj-e-jafa poochh rahi hai
Ghaflat ka to dil chaunk para khauf se hil kar
Fitne ne kiya khwab gale kufr se mil kar

راحت کے محلوں کو بلا پوچھ رہی ہے
ہستی کے مکانوں کو فنا پوچھ رہی ہے
تقدیر سے عمر اپنی قضا پوچھ رہی ہے
دونوں کا پتہ فوج جفا پوچھ رہی ہے
غفلت کا تو دل چونک پڑا خوف سے ہل کر
فتنے نے کیا خواب گلے کفر سے مل کر

Calamity is asking the way to the palaces of comfort;
annihilation is asking for the houses of existence;
Death is asking Destiny how long it has to live;
the army of cruelty is asking where both are to be found.
The heart of Heedlessness started up, shaken with fear;
Strife fell asleep in the embrace of Unbelief.

7

An-nashr ka hangama hai is waqt hashr mein
As-soor ka aawaza hai ab jinn-o-bashar mein
Al-hijr ka hai tazkira baham tan-o-sar mein
Al-wasl ka ghul hai saqar-o-ahl-e-saqar mein
Al-hashr jo murde na pukaren to ghazab hai
Al-maut zaban-e-malak-ul-maut pe ab hai

النشر کا ہنگامہ ہے اس وقت حشر میں
الصور کا آوازہ ہے اب جن و بشر میں
الہجر کا ہے تذکرہ باہم تن و سر میں
الوصل کا غل ہے سقر و اہل سقر میں
الحشر جو مردے نہ پکاریں تو غضب ہے
الموت زبان ملک الموت پہ اب ہے

The tumult of 'The Rising!' fills the Gathering at this hour;
the cry 'The Trumpet!' goes out now among jinn and men;
head and body speak to each other of 'Parting!';
Hell and the people of Hell raise the cry 'Union!'.
It would be a wonder if the dead did not call out 'The Gathering!';
'Death!' is now on the tongue of the Angel of Death.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

8

Rokash hai is ik tan ka na Bahman na Tahamtan
روکش ہے اس اک تن کا نہ بہمن نہ تہمتن

Sohrab-o-Nariman-o-Pashan be sar-o-be tan
سہراب و نریمان و پشن بے سرو بے تن

Qaroon ki tarah taht-e-zameen gharq hai Qaran
قاروں کی طرح تحت زمیں غرق ہے قارن

Har aashiq-e-dunya ko hai dunya chah-e-Bezan
ہر عاشق دنیا کو ہے دنیا چہہ بے زن

Sab bhool gaye apna hasab aur nasab aaj
سب بھول گئے اپنا حسب اور نسب آج

Aata hai jigar gosha-e-qattal-e-Arab aaj
آتا ہے جگر گوشۂ قتال عرب آج

Neither Bahman nor Tahamtan is a match for this one man;
Sohrab, Nariman and Pashan are left without head or body;
like Qarun, Qaran is sunk beneath the earth;
to every lover of the world the world is Bizhan's pit.
Today all have forgotten their rank and lineage,
for today comes the darling of the Slayer of Arabia.

9

Har khod nihan hota hai khud kasa-e-sar mein
ہر خود نہاں ہوتا ہے خود کاسۂ سر میں

Manind-e-rag-o-resha zirah chhupti hai bar mein
مانند رگ و ریشہ زرہ چھپتی ہے بر میں

Be rang hai rang aslahe ka fauj-e-Umar mein
بے رنگ ہے رنگ اسلحے کا فوج عمر میں

Jauhar hai na teghon mein na raughan hai sipar mein
جوہر ہے نہ تیغوں میں نہ روغن ہے سپر میں

Rang ur ke bhara hai jo rukh-e-fauj-e-laeen ka
رنگ اڑ کے بھرا ہے جو رخ فوج لعیں کا

Chehra nazar aata hai falak ka na zameen ka
چہرہ نظر آتا ہے فلک کا نہ زمیں کا

Every helmet hides itself inside the skull;
armour hides within the breast like veins and sinews;
the colour of the weapons has faded in the army of Umar ibn Saad;
there is no temper in the swords, no sheen on the shields.
So thickly has the colour flown from the face of the accursed army
that neither the face of the sky nor of the earth can be seen.

Free to read, copy and share

10

Hai shor falak ka ke ye khursheed-e-Arab hai
ہے شور فلک کا کہ یہ خورشید عرب ہے

Insaf ye kehta hai ke chup tark-e-adab hai
انصاف یہ کہتا ہے کہ چپ ترک ادب ہے

Khursheed-e-falak partau-e-aariz ka laqab hai
خورشید فلک پرتو عارض کا لقب ہے

Ye qudrat-e-Rab qudrat-e-Rab qudrat-e-Rab hai
یہ قدرت رب قدرت رب قدرت رب ہے

Har ek kab is ke sharaf-o-jaah ko samjhe
ہر ایک کب اس کے شرف و جاہ کو سمجھے

Is bande ko wo samjhe jo Allah ko samjhe
اس بندے کو وہ سمجھے جو اللہ کو سمجھے

The sky cries out that this is the sun of Arabia;
Justice says that silence would be a want of courtesy;
'the sun of the sky' is only a name for the reflection of his cheek;
this is the power of the Lord, the power of the Lord, the power of the Lord!
How could just anyone grasp his honour and rank?
Only one who understands Allah understands this servant.

11

Yusuf hai ye Kanaan mein Sulaiman hai Saba mein
یوسف ہے یہ کنعاں میں سلیماں ہے سبا میں

Isa hai masihai mein Musa hai dua mein
عیسیٰ ہے مسیحائی میں موسیٰ ہے دعا میں

Ayyub hai ye sabr mein Yahya hai buka mein
ایوب ہے یہ صبر میں یحییٰ ہے بکا میں

Shabbir hai mazloomi mein Haidar hai wagha mein
شبیر ہے مظلومی میں حیدر ہے وغا میں

Kya gham jo na madar na pidar rakhte hain Adam
کیا غم جو نہ مادر نہ پدر رکھتے ہیں آدم

Abbas sa dunya mein pisar rakhte hain Adam
عباس سا دنیا میں پسر رکھتے ہیں آدم

He is Joseph in Kanaan, Solomon in Sheba;
Jesus in healing, Moses in prayer;
Job in patience, John in weeping;
Shabbir in suffering wrong, Haidar in battle.
What grief if Adam had neither mother nor father?
Adam has a son like Abbas in the world.

Free to read, copy and share

12

Panje mein Yadullah hai bazu mein hai Jafar
پنجے میں یداللہ ہے بازو میں ہے جعفر

Taat mein malak khu mein Hasan zor mein Haidar
طاعت میں ملک خو میں حسنؑ زور میں حیدر

Iqbal mein Hashim to tawazo mein payambar
اقبال میں ہاشم تو تواضع میں پیمبر

Aur tantana-o-dabdaba mein Hamza-e-safdar
اور طنطنہ و دبدبہ میں حمزۂ صفدر

Jauhar ke dikhane mein ye shamsheer-e-Khuda hai
جوہر کے دکھانے میں یہ شمشیر خدا ہے

Aur sar ke katane mein ye shah-e-shuhada hai
اور سر کے کٹانے میں یہ شاہ شہدا ہے

In his grip he is the Hand of God, in his arm he is Jafar;
in obedience an angel, in nature Hasan (a), in strength Haidar;
in good fortune Hashim, in humility the Prophet,
and in pomp and majesty Hamza, the breaker of ranks.
In showing his mettle he is the Sword of God,
and in giving up his head he is the King of the martyrs.

13

Be un ke sharaf kuchh bhi zamana nahin rakhta
بے ان کے شرف کچھ بھی زمانہ نہیں رکھتا

Iman siwa un ke khazana nahin rakhta
ایمان سوا ان کے خزانہ نہیں رکھتا

Quran bhi koi aur fasana nahin rakhta
قرآں بھی کوئی اور فسانہ نہیں رکھتا

Shabbir baghair un ke yagana nahin rakhta
شبیر بغیر ان کے یگانہ نہیں رکھتا

Ye rooh-e-muqaddas hai faqat jalwagari mein
یہ روح مقدس ہے فقط جلوہ گری میں

Ye aql-e-mujarrad hai jamal-e-bashari mein
یہ عقل مجرد ہے جمال بشری میں

Without him the age holds no honour at all;
faith holds no treasure but him;
the Quran itself holds no other story;
Shabbir has no true kinsman but him.
He is the Holy Spirit, only made visible;
he is pure intellect in human beauty.

Free to read, copy and share

14

Sahra mein gira partau-e-aariz jo qazara — صحرا میں گرا پرتو عارض جو قضارا
Suraj ki kiran ne kiya sharma ke kinara — سورج کی کرن نے کیا شرما کے کنارا
Yun dhoop uri aag pe jis tarah se para — یوں دھوپ اڑی آگ پہ جس طرح سے پارا
Musa ki tarah ghash hue sab kaisa nazara — موسیٰ کی طرح غش ہوئے سب کیسا نظارا
Juz madh na dam raushani-e-Toor ne maara — جز مدح نہ دم روشنیٔ طور نے مارا
Shab khoon ajab dhoop pe is noor ne maara — شب خون عجب دھوپ پہ اس نور نے مارا

When by chance the reflection of his cheek fell on the desert,
the sun's ray drew aside in shame;
the sunlight vanished like mercury on a fire;
all fainted like Moses: what a sight it was!
The light of Sinai uttered nothing but praise;
this light made a wondrous night raid on the sunlight.

15

Qurban hawa-e-alam-e-shah-e-umam ke — قربان ہوائے علم شاہ امم کے
Sab khaar hare ho ke bane sarv-e-Iram ke — سب خار ہرے ہو کے بنے سرو ارم کے
Hain raaz ayan Khaliq-e-zulfazl-o-karam ke — ہیں راز عیاں خالق ذوالفضل و کرم کے
Jibreel ne par khole hain daaman mein alam ke — جبریلؑ نے پر کھولے ہیں دامن میں علم کے
Parcham ka jahan aks gira saeqa chamka — پرچم کا جہاں عکس گرا صاعقہ چمکا
Parcham kahin dekha na suna is cham-o-kham ka — پرچم کہیں دیکھا نہ سنا اس چم و خم کا

May I be sacrificed to the breeze of the standard of the King of the nations!
Every thorn turned green and became a cypress of Iram;
the secrets of the Creator, Lord of grace and generosity, stand revealed;
Gabriel (a) has spread his wings in the folds of the standard.
Wherever the banner's reflection fell, lightning flashed;
no one ever saw or heard of a banner with such grace and sway.

Free to read, copy and share

16

Qarna mein na dam hai na jalajil mein sada hai
قرنا میں نہ دم ہے نہ جلاجل میں صدا ہے

Boq-o-duhl-o-kos ki bhi saans hawa hai
بوق و دہل و کوس کی بھی سانس ہوا ہے

Har dil ke dhadakne ka magar shor bapa hai
ہر دل کے دھڑکنے کا مگر شور بپا ہے

Baja jo salami ka use kahiye baja hai
باجا جو سلامی کا اسے کہیے بجا ہے

Sakte mein jo aawaz hai naqqara-o-daf ki
سکتے میں جو آواز ہے نقارۂ و دف کی

Naubat hai wurood-e-khalaf-e-shah-e-Najaf ki
نوبت ہے ورود خلف شاہ نجف کی

There is no breath in the horn, no sound in the bells;
the breath of bugle, drum and kettledrum has flown;
yet the din of every pounding heart is raised;
call it the band playing a salute, and you will be right.
The voice of kettledrum and tambourine stands stunned:
this is the fanfare for the coming of the son of the King of Najaf.

17

Aamad ko to dekha rukh-e-pur noor ko dekho
آمد کو تو دیکھا رخ پر نور کو دیکھو

Wash-shams parho raushani-e-Toor ko dekho
والشمس پڑھو روشنیٔ طور کو دیکھو

Ne raushani-e-mah ko ne hor ko dekho
نے روشنیٔ ماہ کو نے ہور کو دیکھو

Is sham-e-murad-e-malak-o-hoor ko dekho
اس شمع مراد ملک و حور کو دیکھو

Hai kaun tajalli-e-rukh-e-pur noor ki manind
ہے کون تجلی رخ پر نور کی مانند

Yaan raushani-e-Toor jali Toor ki manind
یاں روشنیٔ طور جلی طور کی مانند

You have seen his coming; now see his radiant face:
recite 'By the sun', behold the light of Sinai;
look neither at the light of the moon nor of the sun;
behold this candle that angels and houris long for.
What is like the splendour of his radiant face?
Here the light of Sinai burned up like Sinai itself.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

18

Maddah ko ab tazagi-e-nazm mein kad hai
مداح کو اب تازگیٔ نظم میں کد ہے

Ya Hazrat-e-Abbas-e-Ali waqt-e-madad hai
یا حضرت عباسؑ علیؑ وقت مدد ہے

Maula ki madad se jo sukhan ho wo sanad hai
مولا کی مدد سے جو سخن ہو وہ سند ہے

Is nazm ka jo ho na muqir us ko hasad hai
اس نظم کا جو ہو نہ مقر اس کو حسد ہے

Hasid se sila bhi nahin darkar hai mujh ko
حاسد سے صلا بھی نہیں درکار ہے مجھ کو

Sarkar-e-Husaini se sarokar hai mujh ko
سرکار حسینیؑ سے سروکار ہے مجھ کو

Now the eulogist labours for freshness in his verse:
O Hazrat Abbas (a), son of Ali (a), it is time to help!
Speech made with the master's help is beyond dispute;
whoever will not acknowledge this verse is envious.
I want no reward even from the envious;
my concern is with the court of Husain (a).

19

Gulzar hai ye nazm-o-bayan besha nahin hai
گلزار ہے یہ نظم و بیاں بیشہ نہیں ہے

Baghi ko bhi gulgasht mein andesha nahin hai
باغی کو بھی گلگشت میں اندیشہ نہیں ہے

Har misra-e-par jasta hai phal tesha nahin hai
ہر مصرعۂ پر جستہ ہے پھل تیشہ نہیں ہے

Yaan maghz sukhan ka hai rag-o-resha nahin hai
یاں مغز سخن کا ہے رگ و ریشہ نہیں ہے

Sehat meri tashkhees se hai nazm ke fan ki
صحت مری تشخیص سے ہے نظم کے فن کی

Manind-e-qalam haath mein hai nabz sukhan ki
مانند قلم ہاتھ میں ہے نبض سخن کی

This verse and speech is a garden, not a thicket;
even a rebel has nothing to fear walking in it;
every apt misra is a fruit, not an axe;
here is the kernel of speech, not its veins and fibres.
The art of verse owes its health to my diagnosis;
the pulse of speech is in my hand like a pen.

Free to read, copy and share

20

Gar kaah mile faida kya kohkani se
گر کاہ ملے فائدہ کیا کوہکنی سے

Main kaah ko gul karta hoon rangeen sukhani se
میں کاہ کو گل کرتا ہوں رنگیں سخنی سے

Khush rang hai alfaz aqeeq-e-Yamani se
خوش رنگ ہے الفاظ عقیق یمنی سے

Ye saaz hai soz-e-gham-e-shah-e-Madani se
یہ ساز ہے سوز غم شاہ مدنی سے

Aahan ko karoon narm to aaina bana loon
آہن کو کروں نرم تو آئینہ بنا لوں

Patthar ko karoon garm to main itr nikaloon
پتھر کو کروں گرم تو میں عطر نکا لوں

If straw is all one gets, what use is it to dig through mountains?
With my colourful speech I turn straw into a rose;
my words have a finer colour than Yemeni carnelian;
this music comes from the burning grief for the King of Medina.
If I soften iron, I make it a mirror;
if I heat a stone, I draw perfume from it.

21

Go khilat-e-tahseen mujhe hasil hai sarapa
گو خلعت تحسیں مجھے حاصل ہے سراپا

Par wasf-e-sarapa ka to mushkil hai sarapa
پر وصف سراپا کا تو مشکل ہے سراپا

Har uzv-e-tan ik qudrat-e-kamil hai sarapa
ہر عضو تن اک قدرت کامل ہے سراپا

Ye rooh hai sar ta ba qadam dil hai sarapa
یہ روح ہے سر تا بقدم دل ہے سراپا

Kya milta hai gar koi jhagarta hai kisi se
کیا ملتا ہے گر کوئی جھگڑتا ہے کسی سے

Mazmoon bhi apna nahin larta hai kisi se
مضمون بھی اپنا نہیں لڑتا ہے کسی سے

Though I have been given a robe of praise from head to foot,
describing his form from head to foot is hard through and through;
every limb of his body is wholly a perfect work of power;
he is spirit from head to foot, heart through and through.
What does anyone gain by quarrelling with another?
My themes, too, clash with no one else's.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

22

Suraj ko chhupata hai gehan aaina ko zang
سورج کو چھپاتا ہے گہن آئینہ کو زنگ

Daghi hai qamar sokhta-o-lala-e-khush rang
داغی ہے قمر سوختہ و لالۂ خوش رنگ

Kya asl durr-o-laal ki wo paani hai ye sang
کیا اصل در و لعل کی وہ پانی ہے یہ سنگ

Dekho gul-o-ghuncha wo pareshan hai ye dil tang
دیکھو گل و غنچہ وہ پریشاں ہے یہ دل تنگ

Is chehre ko Dawar hi ne la raib banaya
اس چہرے کو داور ہی نے لاریب بنایا

Be aib tha khud naqsh bhi be aib banaya
بے عیب تھا خود نقش بھی بے عیب بنایا

An eclipse hides the sun, rust hides the mirror;
the moon bears a stain, the bright tulip is scorched;
what are pearl and ruby at root? The one is water, the other stone;
look at the rose and the bud: the one is scattered, the other sad at heart.
Truly it was the Judge alone who made this face;
flawless Himself, He made the image flawless too.

23

Insan kahe is chehre ko kab chashma-e-haiwan
انساں کہے اس چہرے کو کب چشمۂ حیواں

Ye noor wo zulmat ye namudar wo pinhan
یہ نور وہ ظلمت یہ نمودار وہ پنہاں

Barson se hai aazar-e-baras mein mah-e-taban
برسوں سے ہے آزار برص میں مہ تاباں

Kab se yarqan mehr ko hai aur nahin darmaan
کب سے یرقاں مہر کو ہے اور نہیں درماں

Aaina hai ghar zang ka ye rang nahin hai
آئینہ ہے گھر زنگ کا یہ رنگ نہیں ہے

Is aaina mein rang hai aur zang nahin hai
اس آئینہ میں رنگ ہے اور زنگ نہیں ہے

How could anyone call this face the Fountain of Life?
This is light, that is darkness; this is seen, that is hidden.
For years the shining moon has suffered from leprosy;
for ages the sun has had jaundice, and there is no cure.
A mirror is a house of rust; this face is not of that kind:
in this mirror there is colour, and no rust.

Free to read, copy and share

24

Aaina kaha rukh ko to kuchh bhi na sana ki
آئینہ کہا رخ کو تو کچھ بھی نہ ثنا کی

Sanat wo Sikandar ki ye sanat hai Khuda ki
صنعت وہ سکندر کی یہ صنعت ہے خدا کی

Waan khaak ne saiqal yahan qudrat ne jila ki
واں خاک نے صیقل یہاں قدرت نے جلا کی

Tale ne kis aaina ko khoobi ye ata ki
طالع نے کس آئینہ کو خوبی یہ عطا کی

Har aaina mein chehra-e-insan nazar aaya
ہر آئینہ میں چہرۂ انساں نظر آیا

Is rukh mein jamal-e-shah-e-mardan nazar aaya
اس رخ میں جمال شہ مرداں نظر آیا

To call his face a mirror is no praise at all:
that is the craft of Alexander, this the craft of God;
there dust gave the polish, here divine power gave the lustre;
to what mirror has fortune given such excellence?
In every mirror a human face appeared;
in this face appeared the beauty of the King of Men.

25

Be misl haseen hai nigah-e-ahl-e-yaqeen mein
بے مثل حسیں ہے نگہ اہل یقیں میں

Bas ek ye khursheed hai aflak-o-zameen mein
بس ایک یہ خورشید ہے افلاک و زمیں میں

Jalwa hai ajab abruon ka qurb-e-jabeen mein
جلوہ ہے عجب ابروؤں کا قرب جبیں میں

Do machhliyan hain chashma-
e-khursheed-e-mubeen mein
دو مچھلیاں ہیں چشمۂ خورشید مبیں میں

Mardum ko ishara hai ye abru ka jabeen par
مردم کو اشارہ ہے یہ ابرو کا جبیں پر

Hain do mah-e-nau jalwa numa charkh-e-bareen par
ہیں دو مہ نو جلوہ نما چرخ بریں پر

In the eyes of the people of certainty he is beautiful beyond compare;
he is the one sun in the heavens and on earth;
wondrous is the show of his eyebrows beside his forehead:
two fish in the fountain of the bright sun.
The eyebrows on his forehead signal this to people:
two new moons are shining in the highest heaven.

Free to read, copy and share

26

Beeni ke to mazmoon pe ye dawa hai yaqeeni
بینی کے تو مضموں پہ یہ دعوا ہے یقینی

Is nazm ke chehre ki wo ho jaaye ga beeni
اس نظم کے چہرے کی وہ ہو جائے گا بینی

Manzoor nigah ko jo hui arsh nasheeni
منظور نگہ کو جو ہوئی عرش نشینی

Ki saya-e-beeni ne faqat jalwa guzeeni
کی سایۂ بینی نے فقط جلوہ گزینی

Darkar isi beeni ki muhabbat ka asa hai
درکار اسی بینی کی محبت کا عصا ہے

Ye raah to iman se bhi bareek siwa hai
یہ راہ تو ایماں سے بھی باریک سوا ہے

On the theme of his nose, this claim is certain:
it will become the nose on the face of this poem.
When the eye wished to sit upon the Throne,
only the shadow of the nose took its seat in splendour.
One needs the staff of love for this very nose,
for this path is finer even than faith.

27

Beeni ko kahoon sham to lau us ki kahan hai
بینی کو کہوں شمع تو لو اس کی کہاں ہے

Pur noor bhanvon par mujhe shola ka guman hai
پر نور بھنوؤں پر مجھے شعلہ کا گماں ہے

Do shole aur ik sham ye hairat ka makan hai
دو شعلے اور اک شمع یہ حیرت کا مکاں ہے

Haan zulfon ke koochon se hawa tund rawan hai
ہاں زلفوں کے کوچوں سے ہوا تند رواں ہے

Samjho na bhaven bas ke hawa ka jo guzar hai
سمجھو نہ بھویں بس کہ ہوا کا جو گزر ہے

Ye sham ki lau gah idhar gah udhar hai
یہ شمع کی لو گاہ ادھر گاہ ادھر ہے

If I call the nose a candle, where is its flame?
I take the radiant eyebrows for flames;
two flames and one candle: this is a place for wonder;
yes, a strong wind blows through the lanes of his locks.
Do not take them for eyebrows; since the wind is passing,
this is the candle's flame, leaning now this way, now that.

Free to read, copy and share

28

Is darja pasand is rukh-e-raushan ki chamak hai
اس درجہ پسند اس رخ روشن کی چمک ہے

Khursheed se bargashta har ik mah-e-falak hai
خورشید سے برگشتہ ہر اک ماہ فلک ہے

Abru ka ye ghul kaba-e-aflak talak hai
ابرو کا یہ غل کعبۂ افلاک تلک ہے

Mehrab-e-dua-e-bashar-o-jinn-o-malak hai
محراب دعائے بشر و جن و ملک ہے

Dekha jo mah-e-nau ne is abru ke sharaf ko
دیکھا جو مہ نو نے اس ابرو کے شرف کو

Kaaba ki taraf pusht ki rukh us ki taraf ko
کعبہ کی طرف پشت کی رخ اس کی طرف کو

So pleasing is the brightness of this shining face
that every moon of the sky has turned away from the sun;
the fame of his brow has reached the Kaaba of the heavens:
it is the prayer-niche of men, jinn and angels.
When the new moon saw the glory of this brow,
it turned its back on the Kaaba and its face towards him.

29

Jo mani-e-tahqeeq se taweel ka hai farq
جو معنیٔ تحقیق سے تاویل کا ہے فرق

Putli se wahi Kaaba ki tamseel ka hai farq
پتلی سے وہی کعبہ کی تمثیل کا ہے فرق

Surma se aur is aankh se ik meel ka hai farq
سرمہ سے اور اس آنکھ سے
اک میل کا ہے فرق

Meel ek taraf noor ki takmeel ka hai farq
میل ایک طرف نور کی تکمیل کا ہے فرق

Is aankh pe ummat ke zara khashm ko dekho
اس آنکھ پہ امت کے ذرا خشم کو دیکھو

Navak ki salai ko aur is chashm ko dekho
ناوک کی سلائی کو اور اس چشم کو دیکھو

As far as interpretation stands from the true meaning,
so far is his pupil from the Kaaba it is likened to;
between collyrium and this eye lies a mile;
leave the needle aside: the difference is the perfection of light.
Look at the wrath of the people against this eye,
look at the arrow's needle, and look at this eye.

Free to read, copy and share

30

Gar aankh ko nargis kahoon hai ain-e-haqarat
Nargis mein na palken hain na putli na basarat
Chehre pe mah-e-eid ki be ja hai isharat
Wo eid ka muzhda hai ye Haidar ki basharat
Abru ki mah-e-nau mein na jumbish hai na zau hai
Ik shab wo mah-e-nau hai ye har shab mah-e-nau hai

گر آنکھ کو نرگس کہوں ہے عین حقارت
نرگس میں نہ پلکیں ہیں نہ پتلی نہ بصارت
چہرے پہ مہ عید کی بے جا ہے اشارت
وہ عید کا مژدہ ہے یہ حیدرؑ کی بشارت
ابرو کی مہ نو میں نہ جنبش ہے نہ ضو ہے
اک شب وہ مہ نو ہے یہ ہر شب مہ نو ہے

If I called his eye a narcissus, it would be sheer contempt:
the narcissus has no lashes, no pupil, no sight;
to liken his face to the Eid moon is out of place:
that brings the tidings of Eid, this the good news of Haidar (a).
The new moon has neither the movement nor the light of his brow;
that is a new moon for one night, this is a new moon every night.

31

Munh gharq-e-araq dekh ke khursheed hua tar
Abru se tapakta hai nira tegh ka jauhar
Aankhon ka araq raughan-e-badam se behtar
Aariz ka paseena hai gulab-e-gul-e-ahmar
Qatra rukh-e-pur noor pe dhalte hue dekho
Itr-e-gul-e-khursheed nikalte hue dekho

منہ غرق عرق دیکھ کے خورشید ہوا تر
ابرو سے ٹپکتا ہے نرا تیغ کا جوہر
آنکھوں کا عرق روغن بادام سے بہتر
عارض کا پسینہ ہے گلاب گل احمر
قطرہ رخ پر نور پہ ڈھلتے ہوئے دیکھو
عطر گل خورشید نکلتے ہوئے دیکھو

Seeing his face bathed in sweat, the sun was drenched;
from his brow drips the very temper of a sword;
the moisture of his eyes is finer than almond oil;
the sweat of his cheek is the rose-water of the red rose.
See the drop rolling down his radiant face:
see the essence of the sun's rose being drawn.

Free to read, copy and share

32

Tasbeeh kunan munh mein zaban aath pahar hai
Goya dahan-e-ghuncha mein barg-e-gul-e-tar hai
Kab ghuncha-o-gulbarg mein ye noor magar hai
Is burj mein khursheed ke mahi ka guzar hai
Tareef mein honton ki jo lab tar hua mera
Dunya hi mein qabu lab-e-Kausar hua mera

تسبیح کناں منہ میں زبان آٹھ پہر ہے
گویا دہن غنچہ میں برگ گل تر ہے
کب غنچہ و گلبرگ میں یہ نور مگر ہے
اس برج میں خورشید کے ماہی کا گزر ہے
تعریف میں ہونٹوں کی جو لب تر ہوا میرا
دنیا ہی میں قابو لب کوثر ہوا میرا

Day and night the tongue in his mouth glorifies God,
as if a fresh rose petal lay in the mouth of a bud;
but when did bud or petal have this light?
Here the Fish of the sun passes through its mansion.
When my lips grew moist in praise of his lips,
I held the bank of Kausar while still in this world.

33

Ye munh jo radeef-e-lab-e-khush rang hua hai
Kya faqiya ghuncha ka yahan tang hua hai
Ab madh-e-dahan ka mujhe aahang hua hai
Par ghunche ka naam us ke liye nang hua hai
Ghuncha kaha is munh ko hazar ahl-e-sukhan se
Soonghe koi bu aati hai ghunche ke dahan se

یہ منہ جو ردیف لب خوش رنگ ہوا ہے
کیا فاقیہ غنچہ کا یہاں تنگ ہوا ہے
اب مدح دہن کا مجھے آہنگ ہوا ہے
پر غنچے کا نام اس کے لیے ننگ ہوا ہے
غنچہ کہا اس منہ کو حذر اہل سخن سے
سونگھے کوئی بو آتی ہے غنچے کے دہن سے

Now that this mouth has become the refrain of the fair lips,
how narrow the rhyme of the bud has become here!
Now I have set out to praise his mouth,
but the name of bud has become a disgrace for it.
Call this mouth a bud? Beware the masters of speech!
Let anyone smell: an odour comes from the mouth of a bud.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

34

Sheereen raqamon mein raqam is lab ki juda hai
شیریں رقموں میں رقم اس لب کی جدا ہے

Ik ne shakar aur ek ne yaqoot likha hai
اک نے شکر اور ایک نے یاقوت لکھا ہے

Yaqoot ka likhna magar un sab se baja hai
یاقوت کا لکھنا مگر ان سب سے بجا ہے

Yaqoot se barh jo likhoon main to maza hai
یاقوت سے بڑھ جو لکھوں میں تو مزا ہے

Choosa hai ye lab misl-e-ratab Haq ke wali ne
چوسا ہے یہ لب مثل رطب حق کے ولی نے

Yaqoot ka bosa liya kis roz Ali ne
یاقوت کا بوسہ لیا کس روز علیؑ نے

Among sweet descriptions, the description of this lip stands apart:
one wrote 'sugar', another wrote 'ruby';
writing 'ruby' is the most fitting of all,
but if I can write beyond 'ruby', there is the delight.
The friend of God sucked this lip like a fresh date;
on what day did Ali (a) ever kiss a ruby?

35

Jaan-e-fusaha rooh-e-fasahat hai to ye hai
جان فصحا روح فصاحت ہے تو یہ ہے

Har kalima hai mauqe pe balaghat hai to ye hai
ہر کلمہ ہے موقع پہ بلاغت ہے تو یہ ہے

Ejaz-e-Masiha ki karamat hai to ye hai
اعجاز مسیحا کی کرامت ہے تو یہ ہے

Qail hai nazakat ke nazakat hai to ye hai
قائل ہے نزاکت کہ نزاکت ہے تو یہ ہے

Yun honton pe tasveer-e-sukhan waqt-e-bayan hai
یوں ہونٹوں پہ تصویر سخن وقت بیاں ہے

Yaqoot se goya rag-e-yaqoot ayan hai
یاقوت سے گویا رگ یاقوت عیاں ہے

If there is a life of the eloquent, a soul of eloquence, it is this;
every word in its place: if there is rhetoric, it is this;
if there is a wonder in the Messiah's miracle, it is this;
Delicacy herself admits: if there is delicacy, it is this.
So, when he speaks, the image of speech shows on his lips
as if the vein of a ruby showed through the ruby.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

36

Ab asl mein sheereen dahani ki karoon tahreer
اب اصل میں شیریں دہنی کی کروں تحریر

Tifli mein khila jab ke yahi ghuncha-e-taqreer
طفلی میں کھلا جبکہ یہی غنچۂ تقریر

Pehle ye khabar di ke main hoon fidya-e-Shabbir
پہلے یہ خبر دی کہ میں ہوں فدیۂ شبیر

Is muzhde pe madar ne unhen bakhsh diya sheer
اس مژدے پہ مادر نے انہیں بخش دیا شیر

Munh Haidar-e-Karrar ne meetha kiya un ka
منہ حیدر کرار نے میٹھا کیا ان کا

Sheerini-e-ejaz se munh bhar diya un ka
شیرینیٔ اعجاز سے منہ بھر دیا ان کا

Now let me write of the true sweetness of his mouth.
When in infancy this very bud of speech opened,
first it gave this news: 'I am the ransom of Shabbir.'
For these tidings his mother blessed him with her milk;
Haidar-e-Karrar sweetened his mouth
and filled it with the sweetness of miracle.

37

Is lab se dam-e-taza har ik zinde ne paaya
اس لب سے دم تازہ ہر اک زندے نے پایا

Jaise shah-e-mardan ne Nusairi ko jilaya
جیسے شہ مرداں نے نصیری کو جلایا

Jaan bakhshi-e-amwat ka goya hai ye aaya
جان بخشیٔ اموات کا گویا ہے یہ آیا

Hamdam dam-e-Rooh-ul-Qudus un ka nazar aaya
ہم دم دم روح القدس ان کا نظر آیا

Dam qalib-e-be jaan mein jo dam karte the Isa
دم قالب بے جاں میں جو دم کرتے تھے عیسیٰ

Un honton ke ejaz ka dam bharte the Isa
ان ہونٹوں کے اعجاز کا دم بھرتے تھے عیسیٰ

From this lip every living soul received fresh breath,
as the King of Men raised the Nusairi to life;
it is as if this were the very sign of life given to the dead;
the breath of the Holy Spirit was seen as his companion.
When Jesus breathed breath into a lifeless body,
Jesus was declaring his devotion to the miracle of these lips.

Free to read, copy and share

38

Danton ki lari se ye lari aql-e-Khuda dad
دانتوں کی لڑی سے یہ لڑی عقل خدا داد

Wo baat thikane ki kahoon ab ke rahe yaad
وہ بات ٹھکانے کی کہوں اب کہ رہے یاد

Ye gauhar-e-Abbas hain pak un ki hai buniyad
یہ گوہر عباس ہیں پاک ان کی ہے بنیاد

Abbas-o-Najaf ek hain giniye agar adad
عباس و نجف ایک ہیں گنئے اگر اعداد

Maadan ke sharaf hain ye jawahir ke sharaf hain
معدن کے شرف ہیں یہ جواہر کے شرف ہیں

Dandan durr-e-Abbas hain to durr-e-Najaf hain
دنداں در عباس ہیں تو در نجف ہیں

My God-given wit has wrestled with the string of his teeth;
now let me say something to the point, worth remembering:
these are the pearls of Abbas, and their origin is pure;
Abbas and Najaf are one if you count their numbers.
These are the glory of the mine, the glory of the jewels:
if the teeth are the pearls of Abbas, they are the pearls of Najaf.

39

Isna ashari ab karen haathon ka nazara
اثنا عشری اب کریں ہاتھوں کا نظارا

Das ungliyan hain misl-e-alam un mein saf aara
دس انگلیاں ہیں مثل علم ان میں صف آرا

Har panja ka hai Panjtani ko ye ishara
ہر پنجہ کا ہے پنجتنی کو یہ اشارا

Ae momino ashre mein alam rakhna hamara
اے مومنو عشرہ میں علم رکھنا ہمارا

Pehle mere aqa mere salar ko rona
پہلے مرے آقا مرے سالار کو رونا

Phir zer-e-alam un ke alamdar ko rona
پھر زیر علم ان کے علمدار کو رونا

Now let the Twelvers look upon his hands:
in them ten fingers stand in rank like standards;
each hand gives this sign to the devotees of the Panjtan:
'O believers, set up our standard in the Ten Days;
weep first for my master, my commander,
then, beneath his standard, weep for his standard-bearer.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

40

Ta moo-e-kamar fikr ka rishta nahin jaata
تا موئے کمر فکر کا رشتا نہیں جاتا

Fikr ek taraf wahm bhi hasha nahin jaata
فکر ایک طرف وہم بھی حاشا نہیں جاتا

Par fikr-e-rasa ka meri dawa nahin jaata
پر فکر رسا کا مری دعوا نہیں جاتا

Mazmoon ye nazuk hai ke baandha nahin jaata
مضمون یہ نازک ہے کہ باندھا نہیں جاتا

Ab zeb-e-kamar tegh-e-sharar bar jo ki hai
اب زیب کمر تیغ شرر بار جو کی ہے

Abbas ne shola ko girah baal se di hai
عباسؑ نے شعلہ کو گرہ بال سے دی ہے

The thread of thought cannot reach his hair-fine waist;
thought aside, God forbid that even fancy could reach it;
yet my claim to far-reaching thought does not lapse:
this theme is so delicate it cannot be bound in verse.
Now that he has girded his waist with the spark-showering sword,
Abbas (a) has tied a flame with a hair.

41

Ushshaq hoon ab aalam-e-bala ki madad ka
عشاق ہوں اب عالم بالا کی مدد کا

Darpesh hai mazmoon alamdar ke qad ka
درپیش ہے مضمون علمدار کے قد کا

Ye hai qad-e-bala pisar-e-sher-e-Samad ka
یہ ہے قد بالا پسر شیر صمد کا

Ya saya mujassam hua Allah-e-Ahad ka
یا سایہ مجسم ہوا اللہ احد کا

Is qad pe do abru ki kashish kya koi jaane
اس قد پہ دو ابرو کی کشش کیا کوئی جانے

Khenche hain do madd ek alif par ye Khuda ne
کھینچے ہیں دو مد ایک الف پر یہ خدا نے

Now I long for the help of the world above,
for the theme of the standard-bearer's stature lies before me.
This is the lofty stature of the son of the Lion of the Eternal,
or the shadow of Allah the One has taken bodily form.
Who can know the sweep of the two brows above this stature?
God has drawn two madd signs over a single alif.

Free to read, copy and share

42

Ne charkh ke sau daure na ik rakhsh ka kaawa
نے چرخ کے سو دورے نہ اک رخش کا کاوا

Deta hai sada umr-e-rawan ko ye bhulawa
دیتا ہے سدا عمر رواں کو یہ بھلاوا

Ye qism hai tarkeeb-e-anasir ke ilawa
یہ قسم ہے ترکیب عناصر کے علاوا

Allah ki qudrat hai na chhal bal na chhalawa
اللہ کی قدرت ہے نہ چھل بل نہ چھلاوا

Chalta hai ghazab chaal qadam shal hai qaza ka
چلتا ہے غضب چال قدم شل ہے قضا کا

Tausan na kaho rang ura hai ye hawa ka
توسن نہ کہو رنگ اڑا ہے یہ ہوا کا

A hundred turns of the sky do not equal one wheeling of this steed;
it forever gives the slip to passing time;
it is of a kind beyond the mixture of the elements;
it is the power of Allah, no trickery, no phantom.
It moves at a wondrous pace; the feet of Fate go numb;
call it no horse: this is the wind turned pale and flying.

43

Gardish mein har ik aankh hai fanoos-e-khayali
گردش میں ہر اک آنکھ ہے فانوس خیالی

Bandish mein hain naal us ke rubai-e-hilali
بندش میں ہیں نعل اس کے رباعیٔ ہلالی

Raushan hai ke Jauza ne inan dosh pe dali
روشن ہے کہ جوزا نے عناں دوش پہ ڈالی

Bharti se hai mazmoon rakabon ka bhi khaali
بھرتی سے ہے مضمون رکابوں کا بھی خالی

Surat hai andhere aur ujale mein ghazab ki
سرعت ہے اندھیرے اور
اجالے میں غضب کی

Andhiyari use chandni hai chaudhvin shab ki
اندھیاری اسے چاندنی ہے چودھویں شب کی

As it wheels, every eye becomes a magic lantern;
set in place, its shoes are a quatrain of crescents;
it is plain that Gemini has laid the reins upon its shoulder;
even the theme of its stirrups has no filler.
Its speed is astonishing in darkness and in light:
to it darkness is the moonlight of the fourteenth night.

Free to read, copy and share

44

Gardoon ho kabhi hamqadam us ka ye hai dushwar
گردوں ہو کبھی ہم قدم اس کا یہ ہے دشوار

Wo qafila ki gard hai ye qafila salar
وہ قافلہ کی گرد ہے یہ قافلہ سالار

Wo zof hai ye zor wo majboor ye mukhtar
وہ ضعف ہے یہ زور وہ مجبور یہ مختار

Ye naam hai wo nang hai ye fakhr hai wo aar
یہ نام ہے وہ ننگ ہے یہ فخر ہے وہ عار

Ik jast mein reh jaate hain yun arz-o-sama door
اک جست میں رہ جاتے
ہیں یوں ارض و سما دور

Jis tarah musafir se dam-e-subh sara door
جس طرح مسافر سے دم صبح سرا دور

It is hard for the sky ever to keep pace with it:
that is the dust of the caravan, this the caravan's leader;
that is weakness, this strength; that is constrained, this free;
this is renown, that disgrace; this is pride, that shame.
In a single leap it leaves earth and sky as far behind
as a traveller at dawn leaves the inn.

45

Jo boond paseene ki hai shokhi se bhari hai
جو بوند پسینے کی ہے شوخی سے بھری ہے

Un qatron mein pariyon se siwa tez pari hai
ان قطروں میں پریوں سے سوا تیز پری ہے

Gulshan mein saba bagh mein ye kabk-e-dari hai
گلشن میں صبا باغ میں یہ کبک دری ہے

Fanoos mein parwana hai sheeshe mein pari hai
فانوس میں پروانہ ہے شیشے میں پری ہے

Ye hai wo huma jis ke jilaudar malak hain
یہ ہے وہ ہما جس کے جلو دار ملک ہیں

Saya ki jagah par ke tale haft falak hain
سایہ کی جگہ پر کے تلے ہفت فلک ہیں

Every drop of its sweat is full of mischief;
in these drops is a fairy swifter than all fairies;
in the garden it is the morning breeze, in the orchard a mountain partridge;
a moth in the lantern, a fairy in the bottle.
This is the huma whose escort is the angels;
in place of a shadow, the seven heavens lie beneath its wing.

Free to read, copy and share

46

Thehre to falak sab ko zameen par nazar aaye
ٹھہرے تو فلک سب کو زمیں پر نظر آئے

Daure to zameen charkh-e-bareen par nazar aaye
دوڑے تو زمیں چرخ بریں پر نظر آئے

Shahbaz hawa ka na kahin par nazar aaye
شہباز ہوا کا نہ کہیں پر نظر آئے

Rakib hi faqat daaman-e-zeen par nazar aaye
راکب ہی فقط دامن زیں پر نظر آئے

Is rakib-o-markab ki barabar jo sana ki
اس راکب و مرکب کی برابر جو ثنا کی

Ye ilm Khuda ka wo mashiyyat hai Khuda ki
یہ علم خدا کا وہ مشیت ہے خدا کی

When it halts, the sky seems to all to stand upon the earth;
when it runs, the earth seems to be up in the highest heaven;
the falcon of the air shows not a feather anywhere;
only the rider is seen upon the saddle.
When I praised this rider and his mount alike,
this was the knowledge of God, that the will of God.

47

Shokhi mein pari husn mein hai hoor-e-bahishti
شوخی میں پری حسن میں ہے حور بہشتی

Toofan mein rakib ke liye Nooh ki kashti
طوفان میں راکب کے لئے نوح کی کشتی

Kab ablaq-e-dauran mein hai ye nek sarishti
کب ابلق دوراں میں ہے یہ نیک سرشتی

Ye khair hai wo shar hai ye khoobi hai wo zishti
یہ خیر ہے وہ شر ہے یہ خوبی ہے وہ زشتی

Sahra mein chaman fasl-e-bahari hai chaman mein
صحرا میں چمن فصل بہاری ہے چمن میں

Rahwar hai istabal mein talwar hai ran mein
رہوار ہے اصطبل میں تلوار ہے رن میں

In liveliness a fairy, in beauty a houri of paradise;
in a storm, Noah's ark for its rider;
when did the piebald horse of time have such a good nature?
This is good, that evil; this is beauty, that ugliness.
In the desert it is a garden, in the garden the season of spring;
in the stable a gentle steed, on the battlefield a sword.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

48

Is rakhsh ko Abbas urate hue aaye
اس رخش کو عباسؑ اڑاتے ہوئے آئے

Kos-e-liman-il-mulk bajate hue aaye
کوس لمن الملک بجاتے ہوئے آئے

Takbeer se soton ko jagate hue aaye
تکبیر سے سوتوں کو جگاتے ہوئے آئے

Ik tegh-e-nigah sab pe lagate hue aaye
اک تیغ نگہ سب پہ لگاتے ہوئے آئے

Be chille ke khenche hue abru ki kaman ko
بے چلے کے کھینچے ہوئے ابرو کی کماں کو

Be haath ke taane hue palkon ki sinan ko
بے ہاتھ کے تانے ہوئے پلکوں کی سناں کو

Abbas (a) came, making this steed fly,
came beating the drum of 'Whose is the kingdom?',
came waking the sleepers with the cry of God is Great,
came striking all with the sword of his glance,
the bow of his brow drawn without a string,
the spear of his lashes levelled without a hand.

49

Likha hai muarrikh ne ke ik gabr-e-dilawar
لکھا ہے مورخ نے کہ اک گبر دلاور

Haftum se farokash tha miyan-e-saf-e-lashkar
ہفتم سے فروکش تھا میان صف لشکر

Royeen tan-o-sangeen dil-o-bad batin-o-badbar
روئیں تن و سنگیں دل و بد باطن و بدبر

Sar kar ke muhim nezon pe laaya tha kai sar
سر کر کے مہم نیزوں پہ لایا تھا کئی سر

Hamrah shaqi fauj thi danka tha nishan tha
ہمراہ شقی فوج تھی ڈنکا تھا نشاں تھا

Jageer ke lene ko soo-e-Shaam rawan tha
جاگیر کے لینے کو سوئے شام رواں تھا

The historian has written that a valiant infidel
had been encamped since the seventh in the midst of the army's ranks:
brazen-bodied, stone-hearted, foul within and worse;
having won his campaigns, he had brought many heads on spears;
with the wretch came an army, a drum and a banner;
he was on his way to Syria to claim an estate.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

50

Taqdeer jo ran mein shab-e-haftum use laai
تقدیر جو رن میں شب ہفتم اسے لائی

Khalwat mein use baat Umar ne ye sunai
خلوت میں اسے بات عمر نے یہ سنائی

Darpesh hai sadat se hum ko bhi larai
درپیش ہے سادات سے ہم کو بھی لڑائی

Waan Panchtani chand hain yaan saari khudai
وان پنجتنی چند ہیں یاں ساری خدائی

Akbar ka na Qasim ka na Shabbir ka dar hai
اکبرؑ کا نہ قاسمؑ کا نہ شبیرؑ کا ڈر ہے

Do laakh ko Allah ki shamsheer ka dar hai
دو لاکھ کو اللہ کی شمشیر کا ڈر ہے

When fate brought him to the battlefield on the seventh night,
Umar ibn Saad told him this in private:
'We too have a battle before us with the Sayyids;
there are a few devotees of the Panjtan there, and here the whole world.
We fear neither Akbar (a), nor Qasim (a), nor Shabbir (a);
two hundred thousand fear only the Sword of Allah.'

51

Bola wo laraz kar ke hua mujh ko bhi waswas
بولا وہ لرز کر کہ ہوا مجھ کو بھی وسواس

Shamsheer-e-Khuda kaun Umar bola ke Abbas
شمشیر خدا کون عمر بولا کہ عباسؑ

Us ne kaha phir fatah ki kyun kar hai tujhe aas
اس نے کہا پھر فتح کی کیوں کر ہے تجھے آس

Bola ke kai roz se is sher ko hai pyaas
بولا کہ کئی روز سے اس شیر کو ہے پیاس

Hum bhi hain bahadur nahin darte hain kisi se
ہم بھی ہیں بہادر نہیں ڈرتے ہیں کسی سے

Par rooh nikalti hai to Abbas-e-Ali se
پر روح نکلتی ہے تو عباسؑ علی سے

Trembling, he said, 'Now I too feel misgiving.
Who is the Sword of God?' Umar ibn Saad said, 'Abbas (a).'
He said, 'Then how can you hope for victory?'
He said, 'This lion has been thirsty for many days.
We too are brave and fear no one,
but before Abbas (a), son of Ali, the life goes out of us.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

52

Tashreef alamdar-e-jari ran mein jo laaya
تشریف علمدار جری رن میں جو لایا

Us gabr ko chupke se Umar ne ye sunaya
اس گبر کو چپکے سے عمر نے یہ سنایا

Andesha tha jis sher ke aane ka wo aaya
اندیشہ تھا جس شیر کے آنے کا وہ آیا

Sar us ne pare se soo-e-Abbas uthaya
سر اس نے پرے سے سوئے عباسؑ اٹھایا

Dekha to kaha kaanp ke ye fauj-e-wagha se
دیکھا تو کہا کانپ کے یہ فوج وغا سے

Robaho larate ho mujhe sher-e-Khuda se
روباہو لڑاتے ہو مجھے شیر خدا سے

When the brave standard-bearer came onto the battlefield,
Umar ibn Saad whispered this to that infidel:
'The lion whose coming we feared has come.'
He raised his head from the ranks towards Abbas (a);
he looked, and trembling said to the army of war,
'You foxes, you set me to fight the Lion of God!

53

Mana ke Khuda ye nahin qudrat hai Khuda ki
مانا کہ خدا یہ نہیں قدرت ہے خدا کی

Mujh mein hai nira zor ye quwwat hai Khuda ki
مجھ میں ہے نرا زور یہ قوت ہے خدا کی

Ki khoob ziyafat meri rahmat hai Khuda ki
کی خوب ضیافت مری رحمت ہے خدا کی

Sab ne kaha tujh par bhi inayat hai Khuda ki
سب نے کہا تجھ پر بھی عنایت ہے خدا کی

Ja uzr na kar naam hai mardon ka isi se
جا عذر نہ کر نام ہے مردوں کا اسی سے

Tu dabdaba-o-zor mein kya kam hai kisi se
تو دبدبۂ و زور میں کیا کم ہے کسی سے

Granted, he is not God, but he is the power of God;
in me there is mere strength, in him the might of God;
a fine feast you have made of me, by the mercy of God!'
All said, 'On you too rests the favour of God.
Go, make no excuses: the name of men rests on this;
are you less than anyone in majesty and strength?'

Free to read, copy and share

54

Badal ki tarah se wo garajta hua nikla
بادل کی طرح سے وہ گرجتا ہوا نکلا

Jaldi mein silah jang ke sajta hua nikla
جلدی میں سلح جنگ کے سجتا ہوا نکلا

Har gaam rah-e-umr ko tajta hua nikla
ہرگام رہ عمر کو تجتا ہوا نکلا

Aur saamne naqqara bhi bajta hua nikla
اور سامنے نقارہ بھی بجتا ہوا نکلا

Ghalib tha Tahamtan ki tarah ahl-e-jahan par
غالب تھا تہمتن کی طرح اہل جہاں پر

Dhansti thi zameen paaon wo rakhta tha jahan par
دھنستی تھی زمیں پاؤں وہ رکھتا تھا جہاں پر

He came out thundering like a cloud,
came out in haste, arraying himself in the weapons of war,
came out forsaking the road of life at every step,
and before him came the kettledrum, beating.
Like Tahamtan he prevailed over the people of the world;
the earth sank wherever he set his foot.

55

Tayyar kamar kas ke hua jang pe khoonkhwar
تیار کمر کس کے ہوا جنگ پہ خونخوار

Aur paik-e-ajal aaya ke hai qabr bhi tayyar
اور پیک اجل آیا کہ ہے قبر بھی تیار

Khanjar liya munh dekhne ko aur kabhi talwar
خنجر لیا منہ دیکھنے کو اور کبھی تلوار

Misl-e-waram-e-marg charha ghore pe ik baar
مثل ورم مرگ چڑھا گھوڑے پہ اک بار

Wo rakhsh pe ya dev-e-dani takht-e-zari par
وہ رخش پہ یا دیو دنی تخت زری پر

Ghul ran mein utha koh charha kabk-e-dari par
غل رن میں اٹھا کوہ چڑھا کبک دری پر

The bloodthirsty man girded himself and made ready for battle,
and Death's messenger came to say, 'The grave too is ready.'
He took up a dagger to see his face in it, and now and then his sword,
and mounted his horse at once, like the swelling that comes before death.
He on his steed, or a vile demon on a golden throne!
A cry went up on the field: a mountain has mounted a partridge!

Free to read, copy and share

56

Is hayat-o-haibat se wo nakhwat siyar aaya
اس ہیئت و ہیبت سے وہ نخوت سیر آیا

Aaseb ko bhi saaye se us ke hazar aaya
آسیب کو بھی سائے سے اس کے حذر آیا

Maidan-e-qayamat ko bhi mahshar nazar aaya
میدان قیامت کو بھی محشر نظر آیا

Gird apne liye nezon pe kushton ke sar aaya
گرد اپنے لیے نیزوں پہ کشتوں کے سر آیا

Zinda hi pa-e-sair na har saf se barhe the
زندہ ہی پئے سیر نہ ہر صف سے بڑھے تھے

Sar murdon ke nezon pe tamashe ko charhe the
سر مردوں کے نیزوں پہ تماشے کو چڑھے تھے

With such a form and such terror came that arrogant man;
even evil spirits shrank from his shadow;
even the field of the Last Day saw a Day of Gathering in it;
he came with the heads of the slain on spears around him.
Not only the living stepped out from every rank to watch:
the heads of the dead had climbed the spears to see the show.

57

Seedha kabhi neza ko hilaya kabhi aara
سیدھا کبھی نیزہ کو ہلایا کبھی آڑا

Parh parh ke rajaz bagh-e-fasahat ko ujara
پڑھ پڑھ کے رجز باغ فصاحت کو اجاڑا

Zalim ne kai pusht ke murdon ko ukhara
ظالم نے کئی پشت کے مردوں کو اکھاڑا

Bola meri haibat ne jigar sheron ka phara
بولا میری ہیبت نے جگر شیروں کا پھاڑا

Ham pancha na Rustam hai na Sohrab hai mera
ہم پنجہ نہ رستم ہے نہ سہراب ہے میرا

Marhab bin Abdul Qamar alqab hai mera
مرحب بن عبدالقمر القاب ہے میرا

He shook his spear, now upright, now slanting;
reciting boast after boast, he laid waste the garden of eloquence;
the tyrant dug up the dead of many generations;
he said, 'My terror has torn the hearts of lions;
neither Rustam nor Sohrab is my match in grip;
Marhab son of Abd al-Qamar is my title.

Free to read, copy and share

58

Fitrak mein sar baandhta hoon peel-e-daman ka
فتراک میں سر باندھتا ہوں پیل دماں کا

Panja mein sada pherta hoon sher-e-zhiyan ka
پنجہ میں سدا پھیرتا ہوں شیر ژیاں کا

Nazara zara kijiye har shakh-e-sinan ka
نظارا ذرا کیجئے ہر شاخ سناں کا

Is neze pe wo sar hai fulan ibn-e-fulan ka
اس نیزے پہ وہ سر ہے فلاں ابن فلاں کا

Jo jo the yalan-e-kuhan is daura-e-nau mein
جو جو تھے یلان کہن اس دورۂ نو میں

Tan un ke tah-e-khaak hain sar mere jilau mein
تن ان کے تہ خاک ہیں سر میرے جلو میں

I tie to my saddle-straps the heads of raging elephants;
I always twist the paw of the fierce lion.
Just look at every branch of these spears:
on this spear is the head of so-and-so, son of so-and-so.
All the champions of old who lived in this new age:
their bodies are beneath the dust, their heads in my train.'

59

Yaan saif-e-zaban saif-e-ilahi ne alam ki
یاں سیف زباں سیف الٰہی نے علم کی

Farmaya mere aage hai taqreer sitam ki
فرمایا مرے آگے ہے تقریر ستم کی

Ab munh se kaha kuchh to zaban main ne qalam ki
اب منہ سے کہا کچھ تو زباں میں نے قلم کی

Kaunain ne gardan mere darwaze pe kham ki
کونین نے گردن مرے دروازے پہ خم کی

Taqat hai hamari Asadullah ki taqat
طاقت ہے ہماری اسد اللہ کی طاقت

Panje mein hamare hai Yadullah ki taqat
پنجے میں ہمارے ہے ید اللہ کی طاقت

Here the Sword of God drew the sword of his tongue
and said, 'To make such a speech before me is an outrage;
say one word more and I have cut off your tongue.
Both worlds have bowed their necks at my door;
our strength is the strength of the Lion of God;
in our grip is the strength of the Hand of God.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

60

Abdul Qamar-e-nahs ka tu daagh-e-jigar hai
عبدالقمر نحس کا تو داغ جگر ہے

Main chaand Ali ka hoon are ye bhi khabar hai
میں چاند علیؑ کا ہوں ارے یہ بھی خبر ہے

Khursheed parasti se teri kya mujhe dar hai
خورشید پرستی سے تری کیا مجھے ڈر ہے

Qabza mein tanab-e-falak-o-shams-o-qamar hai
قبضہ میں طناب فلک و شمس و قمر ہے

Maqdoor raha shams ki rajat ka pidar ko
مقدور رہا شمس کی رجعت کا پدر کو

Do tukre chacha ne kiya ungli se qamar ko
دو ٹکڑے چچا نے کیا انگلی سے قمر کو

You are the scar on the heart of ill-starred Abd al-Qamar;
I am the moon of Ali (a): do you know that too?
Why should I fear your worship of the sun?
The ropes of the sky, the sun and the moon are in my grasp.
My father had the power to turn back the sun;
my uncle split the moon in two with his finger.

61

Khursheed-e-darakhshan mein bata noor hai kis ka
خورشید درخشاں میں بتا نور ہے کس کا

Kalima waraq-e-mah pe mastoor hai kis ka
کلمہ ورق ماہ پہ مسطور ہے کس کا

Aur soora-e-wash-shams mein mazkoor hai kis ka
اور سورۂ والشمس میں مذکور ہے کس کا

Zarre ko kare mehr ye maqdoor hai kis ka
ذرے کو کرے مہر یہ مقدور ہے کس کا

Ye sahib-e-maqdoor Nabi aur Ali hain
یہ صاحب مقدور نبیؐ اور علیؑ ہیں

Ya hum ke ghulam-e-khalaf-us-sidq-e-Nabi hain
یا ہم کہ غلام خلف الصدق نبیؐ ہیں

Tell me, whose light is in the shining sun?
Whose creed is written on the page of the moon?
And who is spoken of in the Sura 'By the sun'?
Who has the power to turn a mote into a sun?
The masters of this power are the Prophet (s) and Ali (a),
or we, the servants of the Prophet's (s) worthy heir.

Free to read, copy and share

62

Tauba tu Khuda jaanta hai shams-o-qamar ko
Wo shaam ko hota hai ghuroob aur ye sahar ko
Iman samajh mehr-e-shah-e-jinn-o-bashar ko
Sham-e-rah-e-meraj hain ye ahl-e-nazar ko
Khursheed-e-Bani Fatima to shah-e-umam hain
Aur mah-e-Bani Hashimi aafaq mein hum hain

توبہ تو خدا جانتا ہے شمس و قمر کو
وہ شام کو ہوتا ہے غروب اور یہ سحر کو
ایمان سمجھ مہر شہ جن و بشر کو
شمع رہ معراج ہیں یہ اہل نظر کو
خورشید بنی فاطمہ تو شاہ امم ہیں
اور ماہ بنی ہاشمی آفاق میں ہم ہیں

God forbid! You take the sun and the moon for God:
that one sets at evening, and this one at dawn.
Count love for the King of jinn and men as faith;
to the discerning they are the lamp on the road of the Ascension.
The sun of the children of Fatima is the King of the nations,
and we are the Moon of the Banu Hashim throughout the world.

63

Do chaand ko karti hai ik angusht hamari
Hai mehr-e-nubuwwat se mili pusht hamari
Hai tegh-e-zafar waqt-e-zad-o-kusht hamari
Sau gurz-e-qaza zarbat-e-yakmusht hamari
Qudrat ke neyistan ke hum sher hain zalim
Hum sher hain aur sahib-e-shamsheer hain zalim

دو چاند کو کرتی ہے اک انگشت ہماری
ہے مہر نبوت سے ملی پشت ہماری
ہے تیغ ظفر وقت زد و کشت ہماری
سو گرز قضا ضربت یکمشت ہماری
قدرت کے نیستان کے ہم شیر ہیں ظالم
ہم شیر ہیں اور صاحب شمشیر ہیں ظالم

One finger of ours splits the moon in two;
our back has touched the Seal of Prophethood;
ours is the sword of victory in the hour of striking and slaying;
one blow of our fist is a hundred maces of death.
We are the lions of the reed-bed of divine power, you tyrant;
we are lions, and masters of the sword, you tyrant.

Free to read, copy and share

64

Sab ko hai fana daur hamesha hai hamara
سب کو ہے فنا دور ہمیشہ ہے ہمارا

Sar pesh-e-Khuda rakhna ye pesha hai hamara
سر پیش خدا رکھنا یہ پیشہ ہے ہمارا

Hain sher-e-Khuda jis mein wo besha hai hamara
ہیں شیر خدا جس میں وہ بیشہ ہے ہمارا

Aari hai ajal jis se wo tesha hai hamara
عاری ہے اجل جس سے وہ تیشہ ہے ہمارا

Hum juz-e-badan us ke hain jo kul ka sharaf hai
ہم جزو بدن اس کے ہیں جو کل کا شرف ہے

Rishte mein hamare guhar-e-pak-e-Najaf hai
رشتے میں ہمارے گہر پاک نجف ہے

All things perish; our age lasts forever;
to lay our heads before God is our calling;
ours is the thicket where the Lion of God dwells;
ours is the axe that leaves death helpless.
We are part of the body of him who is the glory of the whole;
the pure pearl of Najaf is on our string of kin.

65

Jaushan jo duaon mein hai wo apni zirah hai
جوشن جو دعاؤں میں ہے وہ اپنی زرہ ہے

Har uqde ka nakhun mere neze ki girah hai
ہر عقدے کا ناخن مرے نیزے کی گرہ ہے

Talwar se paani jigar-e-har keh-o-meh hai
تلوار سے پانی جگر ہر کہ و مہ ہے

Kaata par-e-Jibreel ko jis tegh se ye hai
کاٹا پر جبریل کو جس تیغ سے یہ ہے

Sar khod-o-kulah ka nahin mohtaj hamara
سر خود و کلہ کا نہیں محتاج ہمارا

Shabbir ka hai naqsh-e-qadam taj hamara
شبیر کا ہے نقش قدم تاج ہمارا

The Jaushan among prayers is our coat of mail;
the knot of my spear is the nail that loosens every knot;
before my sword the heart of high and low turns to water;
this is the sword that cut the wing of Gabriel.
Our head has no need of helmet or cap:
the footprint of Shabbir is our crown.

Free to read, copy and share

66

Ahmad hai chacha mera pidar Haidar-e-safdar
احمد ہے چچا میرا پدر حیدرؑ صفدر

Wo kul ka payambar hai ye kaunain ka rahbar
وہ کل کا پیمبر ہے یہ کونین کا رہبر

Aur madar-e-Zainab ki hai laundi meri madar
اور مادر زینبؑ کی ہے لونڈی مری مادر

Bhai mera ik Aun do Abdullah-o-Jafar
بھائی مرا اک عون دو عبداللہ و جعفر

Aur Shabbar-o-Shabbir hain sardar hamare
اور شبر و شبیر ہیں سردار ہمارے

Hum un ke ghulam aur wo mukhtar hamare
ہم ان کے غلام اور وہ مختار ہمارے

Ahmad is my uncle, my father is Haidar (a), the breaker of ranks:
he is the Prophet of all, and this the guide of both worlds;
and my mother is the bondmaid of the mother of Zainab (a);
of my brothers, one is Aun, and two are Abdullah and Jafar;
and Shabbar and Shabbir are our masters:
we are their servants, and they our lords.

67

Qasim ka azadar hoon Akbar ka main ghamkhwar
قاسم کا عزادار ہوں اکبرؑ کا میں غمخوار

Lashkar ka alamdar hoon sarwar ka jilaudar
لشکر کا علمدار ہوں سرور کا جلو دار

Main karta hoon parda to haram hote hain aswar
میں کرتا ہوں پردا تو حرم ہوتے ہیں اسوار

Tha shab ko nigahban-e-khiyam-e-shah-e-abrar
تھا شب کو نگہبان خیام شہ ابرار

Ab taza ye bakhshish hai Khuda-e-azali ki
اب تازہ یہ بخشش ہے خدائے ازلی کی

Saqqa bhi bana us ka jo poti hai Ali ki
سقا بھی بنا اس کا جو پوتی ہے علیؑ کی

I am a mourner for Qasim, a comforter to Akbar (a);
I am the army's standard-bearer, my master's escort;
when I hold up the screen, the women of the household mount;
at night I was the guard of the tents of the King of the righteous.
Now this is a fresh gift from the eternal God:
I have become water-bearer to her who is the granddaughter of Ali (a).

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

68

Hum baantte hain rozi-e-har banda-e-Ghaffar
ہم بانٹتے ہیں روزیٔ ہر بندۂ غفار

Razzaq ki sarkar ke hain malik-o-mukhtar
رزاق کی سرکار کے ہیں مالک و مختار

Par Haq ki itaat hai jo har kaar mein darkar
پر حق کی اطاعت ہے جو ہر کار میں درکار

Khud waqt-e-sahar roze mein khaa lete hain talwar
خود وقت سحر روزے میں کھا لیتے ہیں تلوار

Hain uqda kusha waqt kusha qila kusha bhi
ہیں عقدہ کشا وقت کشا قلعہ کشا بھی

Par sabr se bandhwate hain rassi mein gala bhi
پر صبر سے بندھواتے ہیں رسی میں گلا بھی

We share out the daily bread of every servant of the Forgiving;
we are masters and stewards of the court of the Provider;
yet since obedience to God is needed in every deed,
at dawn, while fasting, we ourselves take the blow of the sword.
We loosen knots, we open hard times, we open fortresses too,
yet with patience we let our necks be bound with rope.

69

Us ke qadam-e-pak ka fidya hai sar apna
اس کے قدم پاک کا فدیہ ہے سر اپنا

Qurban kiya jis pe Nabi ne pisar apna
قربان کیا جس پہ نبیؐ نے پسر اپنا

Nazr-e-sar-e-Akbar hai dil apna jigar apna
نذر سر اکبرؑ ہے دل اپنا جگر اپنا

Bait-ush-sharaf-e-shah pe sadqe hai ghar apna
بیت الشرف شاہ پہ صدقے ہے گھر اپنا

Mashhoor jo Abbas zamane ka sharaf hai
مشہور جو عباسؑ زمانے کا شرف ہے

Shabbir ki naalain uthane ka sharaf hai
شبیر کی نعلین اٹھانے کا شرف ہے

My head is the ransom for his pure feet,
for whom the Prophet (s) sacrificed his own son;
my heart and soul are an offering to the head of Akbar (a);
my house is a sacrifice to the King's house of honour.
The honour for which Abbas (a) is famed in the world
is the honour of carrying the sandals of Shabbir.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

70

Shahon ka chiragh aate hi gul kar diya hum ne
شاہوں کا چراغ آتے ہی گل کر دیا ہم نے

Har ja amal-e-khatm-e-rusul kar diya hum ne
ہر جا عمل ختم رسل کر دیا ہم نے

Khandaq pe dar-e-qila ko pul kar diya hum ne
خندق پہ در قلعہ کو پل کر دیا ہم نے

Ik juz tha kalima use kul kar diya hum ne
اک جزو تھا کلمہ اسے کل کر دیا ہم نے

Dhoka na ho ye sab sharaf-e-sher-e-Khuda hain
دھوکا نہ ہو یہ سب شرف شیر خدا ہیں

Phir wo na juda hum se na hum un se juda hain
پھر وہ نہ جدا ہم سے نہ ہم ان سے جدا ہیں

As soon as we came, we put out the lamp of kings;
everywhere we set up the rule of the Seal of the Messengers;
over the moat we made the fortress gate a bridge;
the creed was one part, and we made it whole.
Make no mistake: all these are the honours of the Lion of God,
and he is not apart from us, nor are we apart from him.

71

Naari ko bahishti ke rajaz par hasad aaya
ناری کو بہشتی کے رجز پر حسد آیا

Yun chal ke pa-e-hamla wo malaoon-e-bad aaya
یوں چل کے پئے حملہ وہ ملعون بد آیا

Goya ke saqar se Amr Abdwad aaya
گویا کہ سقر سے عمر عبدود آیا

Aur larze mein Marhab bhi miyan-e-lahad aaya
اور لرزے میں مرحب بھی میان لحد آیا

Nafreen ki Khuda ne use tahseen ki Umar ne
نفریں کی خدا نے اسے تحسیں کی عمر نے

Mujra kiya Abbas ko yaan fatah-o-zafar ne
مجرا کیا عباسؑ کو یاں فتح و ظفر نے

The man bound for the Fire grew envious of the boast of the man of paradise;
the evil, accursed one came on to attack,
as if Amr ibn Abd Wudd had come up from Hell,
and Marhab too began to tremble in his grave.
God cursed him, Umar ibn Saad praised him;
here Victory and Triumph saluted Abbas (a).

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

72

Shabbir ko barh barh ke naqeebon ne pukara
شبیر کو بڑھ بڑھ کے نقیبوں نے پکارا

Lo tootta hai dast-e-zabardast tumhara
لو ٹوٹتا ہے دست زبردست تمہارا

Hai Marhab-e-Abdul Qamar ab marka aara
ہے مرحب عبدالقمر اب معرکہ آرا

Shabbir yaqeen jaano ke Abbas ko maara
شبیر یقیں جانو کہ عباسؑ کو مارا

Ye gurg wo Yusuf ye khizan hai wo chaman hai
یہ گرگ وہ یوسف یہ خزاں ہے وہ چمن ہے

Wo chaand ye aqrab hai wo suraj ye gehan hai
وہ چاند یہ عقرب ہے وہ سورج یہ گہن ہے

The heralds pressed forward and called out to Shabbir:
'See, your mighty arm is about to break;
Marhab son of Abd al-Qamar now joins battle;
Shabbir, be sure that Abbas (a) is slain.
This is the wolf, that is Joseph; this is autumn, that the garden;
that is the moon, this is Scorpio; that is the sun, this the eclipse.'

73

Is shor ne tarpa diya Hazrat ke jigar ko
اس شور نے تڑپا دیا حضرت کے جگر کو

Akbar se kaha jaao to ammu ki khabar ko
اکبرؑ سے کہا جاؤ تو عمو کی خبر کو

Akbar barhe aur mur ke pukare ye pidar ko
اکبرؑ بڑھے اور مڑ کے پکارے یہ پدر کو

Ghera hai kai nahs sitaron ne qamar ko
گھیرا ہے کئی نحس ستاروں نے قمر کو

Ik fauj nayi gird-e-alamdar hai ran mein
اک فوج نئی گرد علمدار ہے رن میں

Lo mah-e-Bani Hashimi aata hai gehan mein
لو ماہ بنی ہاشمی آتا ہے گہن میں

This clamour wrung the heart of the Hazrat;
he said to Akbar (a), 'Go, bring news of your uncle.'
Akbar (a) went forward, then turned and called to his father:
'Many ill-omened stars have surrounded the moon;
a fresh army is round the standard-bearer on the field;
see, the Moon of the Banu Hashim is going into eclipse.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

74

Ik gabr-e-qawi aaya hai khenche hue talwar
اک گبر قوی آیا ہے کھینچے ہوئے تلوار

Kehta hai ke ik hamla mein hai faisla-e-kaar
کہتا ہے کہ اک حملہ میں ہے فیصلۂ کار

Sar kushton ke nezon pe hain gird us ke namudar
سر کشتوں کے نیزوں پہ ہیں گرد اس کے نمودار

Yaan dast ba qabza mutabassim hain alamdar
یاں دست بہ قبضہ متبسم ہیں علمدار

Allah kare khair ke hai qasd-e-shar us ko
اللہ کرے خیر کہ ہے قصد شر اس کو

Sab kehte hain Marhab bin Abdul Qamar us ko
سب کہتے ہیں مرحب بن عبدالقمر اس کو

A mighty infidel has come with his sword drawn;
he says the matter will be settled in one charge;
the heads of the slain show on spears around him;
here, hand on hilt, the standard-bearer smiles.
May Allah keep him safe, for that man means evil;
they all call him Marhab son of Abd al-Qamar.

75

Ghul hai ke dil-e-Aal-e-Aba tore ga Marhab
غل ہے کہ دل آل عبا توڑے گا مرحب

Ab bazu-e-shah-e-shuhada tore ga Marhab
اب بازوئے شاہ شہدا توڑے گا مرحب

Band-e-kamar-e-sher-e-Khuda tore ga Marhab
بند کمر شیر خدا توڑے گا مرحب

Gauhar ko tah-e-sang-e-jafa tore ga Marhab
گوہر کو تہہ سنگ جفا توڑے گا مرحب

Marhab ka na kuchh us ki tawanai ka dar hai
مرحب کا نہ کچھ اس کی توانائی کا ڈر ہے

Fidwi ko chacha jaan ki tanhai ka dar hai
فدوی کو چچا جان کی تنہائی کا ڈر ہے

The cry goes up that Marhab will break the heart of the Family of the Cloak,
that Marhab will now break the arm of the King of the martyrs,
that Marhab will break the girdle of the Lion of God,
that Marhab will crush the pearl beneath the stone of cruelty.
I have no fear of Marhab or of his strength;
your humble servant fears only for my dear uncle, alone.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

76

Shah ne kaha kya rooh-e-Ali aai na hogi
شہ نے کہا کیا روح علیؑ آئی نہ ہوگی

Nana ne mere kya ye khabar paai na hogi
نانا نے مرے کیا یہ خبر پائی نہ ہوگی

Kya Fatima firdaus mein ghabrai na hogi
کیا فاطمہؑ فردوس میں گھبرائی نہ ہوگی

Sar nange wo tashreef yahan laai na hogi
سر ننگے وہ تشریف یہاں لائی نہ ہوگی

Bandon pe ayan zor-e-Khuda karte hain Abbas
بندوں پہ عیاں زور خدا کرتے ہیں عباسؑ

Pyare mere dekho to ke kya karte hain Abbas
پیارے مرے دیکھو تو کہ کیا کرتے ہیں عباسؑ

The King said, 'Will the spirit of Ali (a) not have come?
Will my grandfather not have heard this news?
Will Fatima (a) not be distressed in paradise?
Will she not have come here bareheaded?
Abbas (a) is showing the strength of God to His servants;
my dear, just watch what Abbas (a) does.'

77

Sun kar ye khabar bibiyan karne lagin nala
سن کر یہ خبر بیبیاں کرنے لگیں نالا

Deorhi pe kamar pakre gaye Sayyid-e-wala
ڈیوڑھی پہ کمر پکڑے گئے سید والا

Chillaye ke Fizza Ali Asghar ko utha la
چلائے کہ فضہ علی اصغر کو اٹھا لا

Hai waqt-e-dua chhootta hai god ka paala
ہے وقت دعا چھوٹتا ہے گود کا پالا

Sayyidaniyo! sar khol do sajjada bichha do
سیدانیو ! سر کھول دو سجادہ بچھا دو

Dushman pe alamdar ho ghalib ye dua do
دشمن پہ علمدار ہو غالب یہ دعا دو

Hearing this news, the ladies began to lament;
the noble Sayyid went to the doorway holding his back;
he cried, 'Fizza, bring Ali Asghar here;
it is the hour of prayer; the one I raised in my arms is slipping from me.
Ladies of the Sayyids! Uncover your heads, spread the prayer-mat,
and pray that the standard-bearer prevails over the enemy.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

78

Kheme mein qayamat hui faryad buka se
خیمے میں قیامت ہوئی فریاد بکا سے

Sehmi hui kehti thi Sakina ye Khuda se
سہمی ہوئی کہتی تھی سکینہؑ یہ خدا سے

Ghaarat ho ilahi jo lare mere chacha se
غارت ہو الٰہی جو لڑے میرے چچا سے

Wo jeete phiren khair main mar jaaoon bala se
وہ جیتے پھریں خیر میں مرجاؤں بلا سے

Sadqe karoon qurban karoon ahl-e-jafa ko
صدقے کروں قربان کروں اہل جفا کو

Do laakh ne ghera hai mere ek chacha ko
دو لاکھ نے گھیرا ہے مرے ایک چچا کو

In the tent there was doomsday with cries and weeping;
in terror Sakina (a) was saying this to God:
'O God, destroy whoever fights my uncle;
may he come back safe; if I die, what does it matter?
Let me offer up the cruel ones as a sacrifice:
two hundred thousand have surrounded my one uncle!'

79

Hai hai kahin is zulm-o-sitam ka hai thikana
ہے ہے کہیں اس ظلم و ستم کا ہے ٹھکانا

Saqqe pe suna hai kahin talwar uthana
سقے پہ سنا ہے کہیں تلوار اٹھانا

Koi bhi rawa rakhta hai Sayyid ka satana
کوئی بھی روا رکھتا ہے سید کا ستانا

Jaiz hai kisi pyaase se paani ka chhupana
جائز ہے کسی پیاسے سے پانی کا چھپانا

Haftum se ghiza khaai hai ne paani piya hai
ہفتم سے غذا کھائی ہے نے پانی پیا ہے

Be rahmon ne kis dukh mein hamen daal diya hai
بے رحموں نے کس دکھ میں ہمیں ڈال دیا ہے

'Alas, alas! Is there any end to this oppression and cruelty?
Who ever heard of raising a sword against a water-bearer?
Does anyone think it right to torment a Sayyid?
Is it lawful to keep water from the thirsty?
Since the seventh we have had neither food nor water;
into what sorrow the merciless have thrown us!

Free to read, copy and share

80

Achchhi meri amman mere saqqe ko bulao
اچھی مری اماں مرے سقے کو بلاؤ

Keh do ke Sakina hui aakhir idhar aao
کہہ دو کہ سکینہؑ ہوئی آخر ادھر آؤ

Ab paani nahin chahiye taboot mangao
اب پانی نہیں چاہیے تابوت منگاؤ

Kandhe se rakho mashk janaze ko uthao
کاندھے سے رکھو مشک جنازے کو اٹھاؤ

Milne meri turbat ke gale aayen ge Abbas
ملنے مری تربت کے گلے آئیں گے عباسؑ

Ye sunte hi ghabra ke chale aayen ge Abbas
یہ سنتے ہی گھبرا کے چلے آئیں گے عباسؑ

Dear mother, call my water-bearer;
tell him, "Sakina (a) is at her end; come here;
no water is needed now; send for a coffin;
put the water-skin down from your shoulder and lift the bier."
Abbas (a) will come to embrace my grave;
hearing this, Abbas (a) will come running in alarm.'

81

Is arsa mein hamle kiye Marhab ne wahan chaar
اس عرصہ میں حملے کئے مرحب نے وہاں چار

Par ek bhi is Panchtani par na chala waar
پر ایک بھی اس پنجتنی پر نہ چلا وار

Manind-e-dil-o-chashm har ik uzv tha hushyar
مانند دل و چشم ہر اک عضو تھا ہشیار

Aari hui talwar mukhalif hua nachar
عاری ہوئی تلوار مخالف ہوا ناچار

Jab tegh ko jhunjhla ke rukh-e-pak pe khencha
جب تیغ کو جھنجلا کے رخ پاک پہ کھینچا

Talwar ne ungli se alif khaak pe khencha
تلوار نے انگلی سے الف خاک پہ کھینچا

Meanwhile Marhab made four attacks there,
but not one blow landed on this devotee of the Panjtan;
every limb was as alert as heart and eye;
the sword was spent, the enemy at a loss.
When in fury he drew his sword against the pure face,
the sword drew an alif in the dust with its finger.

Free to read, copy and share

82

Ghazi ne kaha bas isi fan par tha tujhe naaz
غازی نے کہا بس اسی فن پر تھا تجھے ناز

Seekha na Yadullahiyon se zarb ka andaz
سیکھا نہ یداللہیوں سے ضرب کا انداز

Phir khenchi is andaz se tegh-e-sharar andaz
پھر کھینچی اس انداز سے تیغ شرر انداز

Jo miyan ke bhi munh se zara nikli na aawaz
جو میان کے بھی منہ سے ذرا نکلی نہ آواز

Yaan khauf se qalib ko kiya miyan ne khaali
یاں خوف سے قالب کو کیا میان نے خالی

Waan qalib-e-aada ko kiya jaan ne khaali
واں قالب اعدا کو کیا جان نے خالی

The warrior said, 'Was this the skill you were so proud of?
You never learned the art of striking from the men of the Hand of God.'
Then he drew his spark-casting sword in such a way
that not a sound came even from the mouth of the scabbard.
Here the scabbard emptied its body in fear;
there life emptied the bodies of the enemy.

83

Ye tegh sarapa jo barahna nazar aai
یہ تیغ سراپا جو برہنہ نظر آئی

Phir jama-e-tan mein na koi rooh samai
پھر جامۂ تن میں نہ کوئی روح سمائی

Hasti ne kaha tauba qaza boli duhai
ہستی نے کہا توبہ قضا بولی دہائی

Insaf pukara ke hai qabza mein khudai
انصاف پکارا کہ ہے قبضہ میں خدائی

Lo fatah-e-mujassam ka wo sar jaib se nikla
لو فتح مجسم کا وہ سر جیب سے نکلا

Nusrat ke falak ka mah-e-nau ghaib se nikla
نصرت کے فلک کا مہ نو غیب سے نکلا

When this sword appeared, bare from end to end,
no soul could stay any longer in the garment of the body;
Existence cried 'Mercy!', Death cried 'Help!';
Justice called out that the whole world lay in his grip.
See, Victory in person put its head out from its collar;
the new moon of the sky of triumph came out of the unseen.

Free to read, copy and share

84

Bijli giri bijli pe ajal dar ke ajal par
بجلی گری بجلی پہ اجل ڈر کے اجل پر

Ik zalzala tari hua gardoon ke mahal par
اک زلزلہ طاری ہوا گردوں کے محل پر

Sayyare hate kar ke nazar tegh ke phal par
سیارے ہٹے کر کے نظر تیغ کے پھل پر

Khursheed tha Mirreekh pe Mirreekh Zuhal par
خورشید تھا مریخ پہ مریخ زحل پر

Ye haul diya tegh-e-darakhshan ki chamak ne
یہ ہول دیا تیغ درخشاں کی چمک نے

Jo taron ke danton se zameen pakri falak ne
جو تاروں کے دانتوں سے زمیں پکڑی فلک نے

Lightning fell upon lightning, and death in fear upon death;
an earthquake shook the palace of the heavens;
the planets drew back as they looked at the sword's blade:
the sun was upon Mars, and Mars upon Saturn.
Such terror did the gleam of the shining sword give
that the sky clung to the earth with its teeth of stars.

85

Marhab se mukhatib hue Abbas-e-dilawar
مرحب سے مخاطب ہوئے عباسؑ دلاور

Shamsheer ke manind sarapa hoon main jauhar
شمشیر کے مانند سراپا ہوں میں جوہر

Mumkin hai ke ik zarb mein do ho tu sarasar
ممکن ہے کہ اک ضرب میں دو ہو تو سراسر

Par is mein ayan hon ge na jauhar mere tujh par
پر اس میں عیاں ہوں گے نہ جوہر مرے تجھ پر

Le rok mere waar tere paas sipar hai
لے روک مرے وار ترے پاس سپر ہے

Zakhmi na karoon ga abhi izhar-e-hunar hai
زخمی نہ کروں گا ابھی اظہار ہنر ہے

Brave Abbas (a) turned to Marhab:
'Like a sword, I am all temper from head to foot;
you could well be cut clean in two with one blow,
but then my skill would not be shown to you.
Come, parry my blows: you have a shield;
I will not wound you yet; this is a display of skill.'

Free to read, copy and share

86

Kandhe se sipar le ke muqabil hua dushman
کاندھے سے سپر لے کے مقابل ہوا دشمن

Batlane lage tegh se ye zarb ka har fan
بتلانے لگے تیغ سے یہ ضرب کا ہر فن

Ye seena ye bazu ye kamar aur ye gardan
یہ سینہ یہ بازو یہ کمر اور یہ گردن

Ye khod ye chaar aaina ye dhaal ye jaushan
یہ خود یہ چار آئنہ یہ ڈھال یہ جوشن

Kis waar ko wo rokta talwar kahan thi
کس وار کو وہ روکتا تلوار کہاں تھی

Aankhon mein to phirti thi nigahon se nihan thi
آنکھوں میں تو پھرتی تھی نگاہوں سے نہاں تھی

Taking the shield from his shoulder, the enemy faced him;
with his sword he began to show him every art of striking:
'This is the chest, this the arm, this the waist and this the neck;
this the helmet, this the breastplate, this the shield, this the mail.'
Which blow could he parry? Where was the sword?
It flashed before the eyes, yet was hidden from sight.

87

Marhab ne na phir dhaal na talwar sambhali
مرحب نے نہ پھر ڈھال نہ تلوار سنبھالی

Is haath se sar ek se dastar sambhali
اس ہاتھ سے سر ایک سے دستار سنبھالی

Zalim ne sinan ghusse se ik baar sambhali
ظالم نے سناں غصے سے اک بار سنبھالی

Us sher ne shamsheer-e-sharar bar sambhali
اس شیر نے شمشیر شرربار سنبھالی

Taani jo sinan us ne alamdar ke upar
تانی جو سناں اس نے علمدار کے اوپر

Ye neza ura le gaye talwar ke upar
یہ نیزا اڑا لے گئے تلوار کے اوپر

Then Marhab held neither shield nor sword:
with one hand he held his head, with the other his turban.
In anger the tyrant at once took up his spear;
the lion took up his spark-showering sword.
When he levelled his spear at the standard-bearer,
he swept the spear away on his sword.

Free to read, copy and share

88

Jo chaal chala wo hua gumrah-o-pareshan
جو چال چلا وہ ہوا گمراہ و پریشاں

Phir zaicha khencha jo kaman ka sar-e-maidan
پھر زائچہ کھینچا جو کماں کا سر میداں

Teeron ki larai pe para qura-e-paikan
تیروں کی لڑائی پہ پڑا قرعۂ پیکاں

Teeron ko qalam karne lagi tegh-e-darakhshan
تیروں کو قلم کرنے لگی تیغ درخشاں

Jauhar se na teeron hi ke phal daagh ba dil the
جوہر سے نہ تیروں ہی کے پھل داغ بدل تھے

Gar shast ke the saath to chilla ke chehel the
گر شست کے تھے ساٹھ تو چلہ کے چہل تھے

Every move he made went astray in confusion;
then, when he cast the horoscope of the bow on the field,
the lot of the arrowheads fell on a battle of arrows;
the shining sword began to cut the arrows down.
Not only were the arrowheads branded to the heart by the sword's temper:
if the thumb-ring bore sixty, the bowstring bore forty.

89

Is tegh ne sarkash ke jo tarkash mein kiya ghar
اس تیغ نے سرکش کے جو ترکش میں کیا گھر

Ghul tha ke neyistan mein giri barq chamak kar
غل تھا کہ نیستاں میں گری برق چمک کر

Par teeron ke kat kat ke ure misl-e-kabootar
پر تیروں کے کٹ کٹ کے اڑے مثل کبوتر

Marhab hua muztar sifat-e-tair-e-be par
مرحب ہوا مضطر صفت طائر بے پر

Barh kar kaha ghazi ne bata kis ki zafar hai
بڑھ کر کہا غازی نے بتا کس کی ظفر ہے

Ab marg hai aur tu hai ye tegh aur ye sar hai
اب مرگ ہے اور تو ہے یہ تیغ اور یہ سر ہے

When this sword made its home in the rebel's quiver,
the cry went up that lightning had flashed and struck a reed-bed;
the feathers of the arrows, cut to pieces, flew off like pigeons;
Marhab was frantic, like a bird without wings.
The warrior stepped forward and said, 'Tell me, whose is the victory?
Now it is death and you: here is the sword, and here your head.'

Free to read, copy and share

90

Namard ne poshida kiya rukh ko sipar se
نامرد نے پوشیدہ کیا رخ کو سپر سے

Aur khench liya khanjar-e-Hindi ko kamar se
اور کھینچ لیا خنجر ہندی کو کمر سے

Khanjar to idhar se chala aur tegh udhar se
خنجر تو ادھر سے چلا اور تیغ ادھر سے

Us waqt hawa chal na saki beech mein dar se
اس وقت ہوا چل نہ سکی بیچ میں ڈر سے

Allah re shamsheer-e-alamdar ke jauhar
اللہ رے شمشیر علمدار کے جوہر

Jauhar kiye us khanjar-e-khoonkhwar ke jauhar
جوہر کیے اس خنجر خونخوار کے جوہر

The coward hid his face behind his shield
and drew an Indian dagger from his waist.
The dagger came from this side and the sword from that;
at that moment even the air could not pass between them for fear.
Allah! The temper of the standard-bearer's sword!
It shattered the temper of that bloodthirsty dagger to atoms.

91

Khanjar ka jo kaata to wo thehri na sipar par
خنجر کا جو کاٹا تو وہ ٹھہری نہ سپر پر

Thehri na sipar par to wo seedhi gayi sar par
ٹھہری نہ سپر پر تو وہ سیدھی گئی سر پر

Seedhi gayi sar par to wo thi sadr-o-kamar par
سیدھی گئی سر پر تو وہ تھی صدر و کمر پر

Thi sadr-o-kamar par to wo thi qalb-o-jigar par
تھی صدر و کمر پر تو وہ تھی قلب و جگر پر

Thi qalb-o-jigar par to wo thi daaman-e-zeen par
تھی قلب و جگر پر تو وہ تھی دامن زیں پر

Thi daaman-e-zeen par to wo rakib tha zameen par
تھی دامن زیں پر تو وہ راکب تھا زمیں پر

When it cut through the dagger, it did not stop at the shield;
not stopping at the shield, it went straight to the head;
going straight to the head, it was at the chest and waist;
at the chest and waist, it was at the heart and liver;
at the heart and liver, it was at the saddle;
at the saddle, and the rider lay on the ground.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

92

Iman ne uchhal kar kaha wo kufr ko maara
ایماں نے اچھل کر کہا وہ کفر کو مارا

Qudrat ne pukara ke ye hai zor hamara
قدرت نے پکارا کہ یہ ہے زور ہمارا

Haidar se Nabi bole ye hai fakhr tumhara
حیدر سے نبیؐ بولے یہ ہے فخر تمہارا

Haidar ne kaha ye meri putli ka hai tara
حیدرؑ نے کہا یہ مری پتلی کا ہے تارا

Parwana-e-sham-e-rukh-e-taban huin Zahra
پروانۂ شمع رخ تاباں ہوئیں زہراؑ

Mohsin ko liye god mein qurban huin Zahra
محسن کو لیے گود میں قرباں ہوئیں زہراؑ

Faith leapt up and cried, 'There, he has slain Unbelief!'
Divine Power called out, 'This is our strength!'
The Prophet (s) said to Haidar, 'This is your pride!'
Haidar (a) said, 'He is the star of my eye.'
Zahra (a) became a moth round the candle of his shining face;
holding Mohsin in her lap, Zahra (a) offered herself for him.

93

Hangama hua garm ye naari jo hua sard
ہنگامہ ہوا گرم یہ ناری جو ہوا سرد

Waan fauj ne li baag barha yaan ye jawan mard
واں فوج نے لی باگ بڑھا یاں یہ جواں مرد

Taapon ki sada se sar-e-Qaroon mein hua dard
ٹاپوں کی صدا سے سر قاروں میں ہوا درد

Rang-e-rukh-e-aada ki tarah urne lagi gard
رنگ رخ اعدا کی طرح اڑنے لگی گرد

Qaroon ka zar-e-ganj-e-nihani nikal aaya
قاروں کا زر گنج نہانی نکل آیا

Ye khaak uri ran se ke paani nikal aaya
یہ خاک اڑی رن سے کہ پانی نکل آیا

When this man of the Fire grew cold, the tumult grew hot:
there the army took up the reins, here this brave young man rode forward;
the sound of the hooves made Qarun's head ache;
the dust flew up like the colour from the enemies' faces.
Qarun's gold from his hidden treasure came to light;
so much earth flew from the field that water came up.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

94

Jo zinda the al-azmatu lillah pukare
جو زندہ تھے العظمۃ للہ پکارے

Sar murdon ke nezon pe jo the wah pukare
سر مردوں کے نیزوں پہ جو تھے واہ پکارے

Dar kar Umar-e-Saad ko gumrah pukare
ڈر کر عمر سعد کو گمراہ پکارے

Khush ho ke alamdar soo-e-shah pukare
خوش ہو کے علمدار سوئے شاہ پکارے

Yaan to hua ya Hazrat-e-Shabbir ka nara
یاں تو ہوا یا حضرت شبیر کا نعرہ

Shabbir ne hans kar kiya takbeer ka nara
شبیر نے ہنس کر کیا تکبیر کا نعرہ

Those still alive cried out, 'Greatness belongs to Allah!'
the heads of the dead upon the spears cried 'Bravo!';
in fear they called Umar ibn Saad misguided;
joyfully the standard-bearer called out towards the King.
Here rang out the cry 'O Hazrat Shabbir!',
and Shabbir, smiling, raised the cry of God is Great.

95

Parde ke qareeb aa ke behan shah ki pukari
پردے کے قریب آ کے بہن شہ کی پکاری

Dushman pe hui fatah mubarak ho main wari
دشمن پہ ہوئی فتح مبارک ہو میں واری

Ab kehti hoon main dekhti thi jang ye saari
اب کہتی ہوں میں دیکھتی تھی جنگ یہ ساری

Abbas ki ik zarb mein thanda hua naari
عباسؑ کی اک ضرب میں ٹھنڈا ہوا ناری

Marhab ko to Khaibar mein Yadullah ne maara
مرحب کو تو خیبر میں یداللہ نے مارا

Ham naam ko Ibn-e-Asadullah ne maara
ہم نام کو ابن اسد اللہ نے مارا

Coming close to the curtain, the King's sister called out:
'Victory over the enemy! Blessings on you, my life for yours;
now I can say it: I was watching this whole battle;
with one blow of Abbas (a) the man of the Fire went cold.
Marhab was slain at Khaibar by the Hand of God;
his namesake has been slain by the son of the Lion of God.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

96

Maidan mein alamdar ke jaane ke main sadqe
میداں میں علمدار کے جانے کے میں صدقے

Is faaqe mein talwar lagane ke main sadqe
اس فاقے میں تلوار لگانے کے میں صدقے

Baham alam-o-mashk uthane ke main sadqe
باہم علم و مشک اٹھانے کے میں صدقے

Is pyaas mein ik boond na paane ke main sadqe
اس پیاس میں اک بوند نہ پانے کے میں صدقے

Saqqa bana pyaason ka murawwat ke tasadduq
سقا بنا پیاسوں کا مروت کے تصدق

Be sar kiya shahzoron ko quwwat ke tasadduq
بے سر کیا شہ زوروں کو قوت کے تصدق

'My life for the standard-bearer's going out to the field,
my life for his wielding the sword while starving,
my life for his carrying the standard and the water-skin together,
my life for his not getting a single drop in this thirst!
He became the water-bearer of the thirsty: my life for such kindness!
He beheaded the mighty: my life for such strength!

97

Tum donon ka har waqt nigahban Khuda ho
تم دونوں کا ہر وقت نگہبان خدا ہو

Dekhe jo buri aankh se ghaarat ho fana ho
دیکھے جو بری آنکھ سے غارت ہو فنا ہو

Donon ki bala le ke ye maan jaai fida ho
دونوں کی بلا لے کے یہ ماں جائی فدا ہو

Ro kar kaha Hazrat ne behan dekhiye kya ho
رو کر کہا حضرت نے بہن دیکھیے کیا ہو

Munh chaand sa mujh ko jo dikhayen to main jaanoon
منہ چاند سا مجھ کو جو دکھائیں تو میں جانوں

Darya se salamat jo phir aayen to main jaanoon
دریا سے سلامت جو پھر آئیں تو میں جانوں

May God guard you both at every moment;
whoever looks on you with an evil eye, may he be ruined and perish;
may this sister, born of your mother, take on the ills of you both and be your ransom.'
Weeping, the Hazrat said, 'Sister, let us see what happens;
when he shows me his moonlike face, then I will believe it;
when he comes back safe from the river, then I will believe it.'

Free to read, copy and share

98

Zainab se ba hasrat ye bayan karte the Maula
زینبؑ سے بحسرت یہ بیاں کرتے تھے مولا

Nagah Sakina ne suna fatah ka muzhda
ناگاہ سکینہؑ نے سنا فتح کا مژدا

Chillai main sadqe tere achchhi meri Fizza
چلائی میں صدقے ترے اچھی مری فضا

Ja jald balaen mere ammu ki to le aa
جا جلد بلائیں مرے عمو کی تو لے آ

Dukh pyaas ka keh kar unhen madhosh na karna
دکھ پیاس کا کہہ کر انہیں مدہوش نہ کرنا

Par yaad dilana ke faramosh na karna
پر یاد دلانا کہ فراموش نہ کرنا

The master was saying this sorrowfully to Zainab (a)
when suddenly Sakina (a) heard the good news of victory.
She cried, 'My life for you, my good Fizza:
go quickly and take my uncle's ills upon yourself for me;
do not trouble him by telling him the pain of thirst,
but remind him not to forget.'

99

Lene ko balaen gayi Fizza soo-e-jangah
لینے کو بلائیں گئی فضہ سوئے جنگاہ

Abbas ne aate hue dekha use nagah
عباسؑ نے آتے ہوئے دیکھا اسے ناگاہ

Chillaye ke phir ja main hua aane se aagah
چلائے کہ پھر جا میں ہوا آنے سے آگاہ

Keh dena Sakina se hamen yaad hai wallah
کہہ دینا سکینہؑ سے ہمیں یاد ہے واللہ

Dil pyaas se bibi ka hua jaata hai paani
دل پیاس سے بی بی کا ہوا جاتا ہے پانی

Le kar tere baba ka ghulam aata hai paani
لے کر ترے بابا کا غلام آتا ہے پانی

Fizza went towards the battlefield to take his ills upon herself;
suddenly Abbas (a) saw her coming.
He cried, 'Turn back; I know why you have come.
Tell Sakina (a), by Allah, I remember:
"The little lady's heart is turning to water with thirst;
your father's servant is coming, bringing water."'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

100

Darya ko chale abr sifat saath liye barq
دریا کو چلے ابر صفت ساتھ لیے برق

Marhab ke shareekon ka juda karte hue farq
مرحب کے شریکوں کا جدا کرتے ہوئے فرق

Sardar mein aur fauj mein baqi na raha farq
سردار میں اور فوج میں باقی نہ رہا فرق

Marhab ki tarah sab chah-e-Habhab mein hue gharq
مرحب کی طرح سب چہ ہب
ہب میں ہوئے غرق

Talwar ki ik mauj ne toofan uthaya
تلوار کی اک موج نے طوفان اٹھایا

Toofan ne sar par wo bayaban uthaya
طوفان نے سر پر وہ بیابان اٹھایا

Like a cloud he made for the river, bringing lightning with him,
parting the heads of Marhab's companions;
no difference was left between the leader and his army:
like Marhab, they all sank into the pit of Habhab.
One wave of the sword raised a storm;
the storm set the whole wilderness in uproar.

101

Paani hui har mauj-e-zirah fauj ke tan mein
پانی ہوئی ہر موج زرہ فوج کے تن میں

Malboos mein zinde the ke murde the kafan mein
ملبوس میں زندے تھے کہ مردے تھے کفن میں

Khanjar ki zabanon ko qalam kar ke dahan mein
خنجر کی زبانوں کو قلم کر کے دہن میں

Ik tegh se talwaron ko aari kiya ran mein
اک تیغ سے تلواروں کو عاری کیا رن میں

Haidar ka asad qulzum-e-lashkar mein dar aaya
حیدر کا اسد قلزم لشکر میں در آیا

Umde hue badal ki tarah nahr par aaya
امڈے ہوئے بادل کی طرح نہر پر آیا

Every ripple of mail on the soldiers' bodies turned to water;
were they the living in their clothes, or the dead in their shrouds?
Cutting off the tongues of the daggers in their mouths,
with one sword he left the swords helpless on the field.
Haidar's lion plunged into the ocean of the army;
like a swelling cloud he came to the river.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

102

Darya ke nigahban barhe hone ko chau rang
دریا کے نگہبان بڑھے ہونے کو چو رنگ

Pehne hue machhli ki tarah bar mein zirah tang
پہنے ہوئے مچھلی کی طرح بر میں زرہ تنگ

Khenche hue maujon ki tarah khanjar-e-be zang
کھینچے ہوئے موجوں کی طرح خنجر بے زنگ

Saqqe ne kaha paani pe jaiz hai kahan jang
سقے نے کہا پانی پہ جائز ہے کہاں جنگ

Darya ke nigahban ho par ghaflat-e-deen hai
دریا کے نگہبان ہو پر غفلت دیں ہے

Manind-e-habab aankh mein beenai nahin hai
مانند حباب آنکھ میں بینائی نہیں ہے

The guards of the river came forward, to be cut to pieces,
wearing tight mail on their bodies like fish,
their rustless daggers drawn like waves.
The water-bearer said, 'Where is it lawful to fight over water?
You are guardians of the river, but you neglect the faith;
like bubbles, you have eyes without sight.

103

Mazhab hai ye kaisa ke rah-e-shara na jaani
مذہب ہے یہ کیسا کہ رہ شرع نہ جانی

Mashrab hai ye kaisa ke pilate nahin paani
مشرب ہے یہ کیسا کہ پلاتے نہیں پانی

Be sheer ka bachpan Ali Akbar ki jawani
بے شیر کا بچپن علی اکبرؑ کی جوانی

Barbad kiye deti hai ab tishna dahani
برباد کیے دیتی ہے اب تشنہ دہانی

Lab khushk hain bachchon ki zaban pyaas se shaq hai
لب خشک ہیں بچوں کی زباں پیاس سے شق ہے

Darya hi se tum poochh lo kis pyaase ka haq hai
دریا ہی سے تم پوچھ لو کس پیاسے کا حق ہے

What religion is this, that does not know the path of the law?
What way is this, that gives no water to drink?
The infancy of the one left without milk, the youth of Ali Akbar (a),
thirst is now laying them waste.
The children's lips are dry, their tongues are split with thirst;
ask the river itself which thirsty one has the right to it.

Free to read, copy and share

104

Paani mujhe ik mashk hai is nahr se darkar
پانی مجھے اک مشک ہے اس نہر سے درکار

Bhar lene do mujh ko na karo hujjat-o-takrar
بھر لینے دو مجھ کو نہ کرو حجت و تکرار

Chillaye sitam gar hai guzar nahr pe dushwar
چلائے ستم گر ہے گزر نہر پہ دشوار

Ghazi ne kaha haan pe irada hai to hushyar
غازی نے کہا ہاں پہ ارادہ ہے تو ہشیار

Lo sail ko aur barq-e-sharar bar ko roko
لو سیل کو اور برق شرر بار کو روکو

Rahwar ko roko meri talwar ko roko
رہوار کو روکو مری تلوار کو روکو

I need one water-skin of water from this river;
let me fill it; do not argue or dispute.'
The oppressors cried, 'Getting through to the river is hard.'
The warrior said, 'Very well; but if that is your intent, be on your guard:
come, stop the flood and the spark-showering lightning;
stop my steed, stop my sword!'

105

Ye keh ke kiya asp-e-subuk taaz ko mahmez
یہ کہہ کے کیا اسپ سبک تاز کو مہمیز

Bijli ki tarah kaund ke chamka faras-e-tez
بجلی کی طرح کوند کے چمکا فرس تیز

Ashrar ke sar par hua naalon se sharar rez
اشرار کے سر پر ہوا نعلوں سے شرر ریز

Sailab-e-fana tha ke wo toofan-e-bala khez
سیلاب فنا تھا کہ وہ طوفان بلا خیز

Jhapki palak us rakhsh ko jab qahr mein dekha
جھپکی پلک اس رخش کو جب قہر میں دیکھا

Phir aankh khuli jab to rawan nahr mein dekha
پھر آنکھ کھلی جب تو رواں نہر میں دیکھا

So saying, he spurred his swift-running horse;
the swift steed flashed like lightning;
its hooves rained sparks on the heads of the wicked;
was it a flood of destruction, or a storm that stirs up calamity?
An eye blinked when it saw that steed in its fury,
and when the eye opened, it saw him riding into the river.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

106

Darya mein hua ghul ke wo durr-e-Najaf aaya
دریا میں ہوا غل کہ وہ در نجف آیا

Ilyas-o-Khizr bole hamara sharaf aaya
الیاسؑ و خضرؑ بولے ہمارا شرف آیا

Abbas shahanshah-e-Najaf ka khalaf aaya
عباسؑ شہنشاہ نجف کا خلف آیا

Pa bos ko moti liye dast-e-sadaf aaya
پا بوس کو موتی لیے دست صدف آیا

Yaad aa gayi pyaason ki jo Haidar ke khalaf ko
یاد آگئی پیاسوں کی جو حیدرؑ کے خلف کو

Dil khoon hua dekh ke darya ki taraf ko
دل خون ہوا دیکھ کے دریا کی طرف کو

A cry went up in the river: 'The pearl of Najaf has come!'
Ilyas (a) and Khizr (a) said, 'Our glory has come!
Abbas (a), son of the Emperor of Najaf, has come!'
The hand of the oyster came with pearls to kiss his feet.
When Haidar's (a) son remembered the thirsty ones,
his heart turned to blood as he looked towards the river.

107

Sookhe hue mashkeeza ka phir khola dahana
سوکھے ہوئے مشکیزہ کا پھر کھولا دہانہ

Bharne laga kham ho ke wo sartaj-e-zamana
بھرنے لگا خم ہو کے وہ سرتاج زمانہ

Aada ne kiya door se teeron ka nishana
اعدا نے کیا دور سے تیروں کا نشانہ

Aur choom liya rooh-e-Yadullah ne shana
اور چوم لیا روح یداللہ نے شانہ

Farmaya ke kya kya mujhe khush karte ho beta
فرمایا کہ کیا کیا مجھے خوش کرتے ہو بیٹا

Paani meri poti ke liye bharte ho beta
پانی مری پوتی کے لیے بھرتے ہو بیٹا

Then he opened the mouth of the dried-up water-skin;
bending down, the crown of the age began to fill it;
the enemy made him a target for arrows from afar,
and the spirit of the Hand of God kissed his shoulder.
He said, 'How you gladden me, my son!
you are filling water for my granddaughter, my son.'

Free to read, copy and share

108

Kuchh farq teri koshish-o-himmat mein nahin hai
Paani magar us pyaasi ki qismat mein nahin hai
Waqfa mere pyare ki shahadat mein nahin hai
Jo zakhm mein lazzat hai jarahat mein nahin hai
Ik khoon ki nahr aankhon se Zahra ke bahi hai
Rone ko teri laash pe sar khol rahi hai

کچھ فرق تری کوشش و ہمت میں نہیں ہے
پانی مگر اس پیاسی کی قسمت میں نہیں ہے
وقفہ مرے پیارے کی شہادت میں نہیں ہے
جو زخم میں لذت ہے جراحت میں نہیں ہے
اک خون کی نہر آنکھوں سے زہراؑ کے بہی ہے
رونے کو تری لاش پہ سر کھول رہی ہے

'There is no fault in your effort and courage,
but water is not in the fate of that thirsty girl;
there is no delay in my darling's martyrdom;
the delight there is in the wound is not in its cure.
A river of blood has flowed from the eyes of Zahra (a);
she is uncovering her head to weep over your body.'

109

Darya se jo nikla Asadullah ka jani
Tha shor ke wo sher liye jaata hai paani
Phir raah mein hail hue sab zulm ke bani
Saqqa-e-Sakina ki ye ki martaba dani
Qabren Nabi-o-Haidar-o-Zahra ki hila den
Barchhon ki jo noken thin kaleje se mila den

دریا سے جو نکلا اسداللہ کا جانی
تھا شور کہ وہ شیر لیے جاتا ہے پانی
پھر راہ میں حائل ہوئے سب ظلم کے بانی
سقائے سکینہؑ کی یہ کی مرتبہ دانی
قبریں نبیؐ و حیدرؑ و زہراؑ کی ہلادیں
برچھوں کی جو نوکیں تھیں کلیجے سے ملا دیں

When the beloved of the Lion of God came out of the river,
the uproar went up: 'That lion is carrying the water away!'
Then all the founders of oppression blocked his path;
this is how they honoured the rank of Sakina's (a) water-bearer:
they shook the graves of the Prophet (s), Haidar (a) and Zahra (a);
they pressed the points of their lances to his heart.

Free to read, copy and share

110

Wo kaun sa tha teer jo dil par na lagaya
وہ کون سا تھا تیر جو دل پر نہ لگایا

Mashkeeze ke paani se siwa khoon bahaya
مشکیزے کے پانی سے سوا خون بہایا

Ye nargha tha jo Shimr ne heele se sunaya
یہ نرغہ تھا جو شمر نے حیلے سے سنایا

Abbas bacho ghol kameengah se aaya
عباسؑ بچو غول کمیں گاہ سے آیا

Mur kar jo nazar ki khalaf-e-sher-e-Khuda ne
مڑ کر جو نظر کی خلف شیر خدا نے

Shanon ko tah-e-tegh kiya ahl-e-jafa ne
شانوں کو تہہ تیغ کیا اہل جفا نے

Which arrow was there that they did not strike into his heart?
They shed more blood than the water in the water-skin.
In the midst of this press, Shimr called out by a trick:
'Abbas (a), save yourself! A band has come from ambush!'
When the son of the Lion of God turned to look,
the cruel ones put his shoulders under the sword.

111

Likha hai ke ek nakhl-e-ratab tha sar-e-maidan
لکھا ہے کہ ایک نخل رطب تھا سر میداں

Ibn-e-Warqa Zaid-e-laeen us mein tha pinhan
ابن ورقہ زید لعیں اس میں تھا پنہاں

Pahuncha jo wahan sarv-e-rawan-e-shah-e-mardan
پہنچا جو وہاں سرو روان شہ مرداں

Jo shana tha mashk-o-alam-o-tegh ke shayan
جو شانہ تھا مشک و علم و تیغ کے شایاں

Waar us pe kiya Zaid ne shamsheer-e-ajal se
وار اس پہ کیا زید نے شمشیر اجل سے

Ye phooli phali shakh kati tegh ke phal se
یہ پھولی پھلی شاخ کٹی تیغ کے پھل سے

It is written that a date palm stood at the edge of the field;
the accursed Zaid ibn Warqa lay hidden in it.
When the walking cypress of the King of Men came there,
the shoulder that was worthy of water-skin, standard and sword
Zaid struck with the sword of death;
this flowering, fruitful branch was cut off by the sword's blade.

Free to read, copy and share

112

Mashk-o-alam-o-tegh ko baayen pe sambhala
مشک و علم و تیغ کو بائیں پہ سنبھالا

Aur jald chala aashiq-e-roo-e-shah-e-wala
اور جلد چلا عاشق روئے شہ والا

Par Ibn-e-Tufail aage barha taan ke bhaala
پر ابن طفیل آگے بڑھا تان کے بھالا

Barchhi ki ani se to kiya dil tah-o-bala
برچھی کی انی سے تو کیا دل تہہ و بالا

Aur tegh ki zarbat se jigar shah ka kaata
اور تیغ کی ضربت سے جگر شاہ کا کاٹا

Wo haath bhi farzand-e-Yadullah ka kaata
وہ ہاتھ بھی فرزند ید اللہ کا کاٹا

He took the water-skin, standard and sword on his left side,
and the lover of the noble King's face hurried on;
but Ibn Tufail came forward, levelling his spear;
with the point of his lance he turned the heart upside down,
and with a stroke of his sword he cut the King's heart:
he cut off that hand too of the son of the Hand of God.

113

Saqqe ne kai banhon pe mashkeeza ko rakh kar
سقے نے کئی بانہوں پہ مشکیزہ کو رکھ کر

Manind-e-zaban munh mein liya tasma sarasar
مانند زباں منہ میں لیا تسمہ سراسر

Nagah kai teer lage aage barabar
ناگاہ کئی تیر لگے آگے برابر

Ik mashk pe ik aankh pe aur ek dahan par
اک مشک پہ اک آنکھ پہ اور ایک دہن پر

Mashkeeze se paani baha aur khoon baha tan se
مشکیزے سے پانی بہا اور خوں بہا تن سے

Abbas gire ghore se aur mashk dahan se
عباسؑ گرے گھوڑے سے اور مشک دہن سے

The water-bearer laid the water-skin on his severed arms
and took the whole strap into his mouth like a tongue.
Suddenly arrows struck him in front, one after another:
one in the water-skin, one in the eye and one in the mouth.
Water flowed from the water-skin, and blood from the body;
Abbas (a) fell from the horse, and the water-skin from his mouth.

Free to read, copy and share

114

Gir kar lab-e-zakhmi se alamdar pukara
گر کر لب زخمی سے علمدار پکارا

Keh do koi pyaason se ke saqqa gaya maara
کہہ دو کوئی پیاسوں سے کہ سقا گیا مارا

Sun li ye sada shah-e-shaheedan ne qazara
سن لی یہ صدا شاہ شہیداں نے قضا را

Zainab se kaha lo na raha koi hamara
زینبؑ سے کہا لو نہ رہا کوئی ہمارا

Asghar ka gala chhid gaya Akbar ka jigar bhi
اصغرؑ کا گلا چھد گیا اکبرؑ کا جگر بھی

Bazu bhi mere toot gaye aur kamar bhi
بازو بھی مرے ٹوٹ گئے اور کمر بھی

Falling, the standard-bearer called out with wounded lips:
'Someone tell the thirsty ones that the water-bearer has been slain!'
As fate would have it, the King of the martyrs heard this cry;
he said to Zainab (a), 'See, we have no one left:
Asghar's (a) throat has been pierced, and Akbar's (a) heart as well;
my arms too are broken, and my back.'

115

Goya ke isi waqt jale kheme hamare
گویا کہ اسی وقت جلے خیمے ہمارے

Zalim ne tamanche bhi meri beti ko maare
ظالم نے طمانچے بھی مری بیٹی کو مارے

Rassi mein mere khurd-o-kalan bandh gaye saare
رسی میں مرے خورد و کلاں بندھ گئے سارے

Abbas ke gham mein hue hum gor kinare
عباسؑ کے غم میں ہوئے ہم گور کنارے

Aada mein hai ghul malik-e-shamsheer ko maara
اعدا میں ہے غل مالک شمشیر کو مارا

Ye kyun nahin kehte hain ke Shabbir ko maara
یہ کیوں نہیں کہتے ہیں کہ شبیر کو مارا

'It is as if at this very moment our tents were burned,
and the tyrant struck my daughter too,
and all my young and old were bound with rope;
in grief for Abbas (a) I have come to the edge of the grave.
The enemies cry that they have slain the master of the sword;
why do they not say that they have slain Shabbir?'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

116

Zainab ne kaha sach hai tumhen mar gaye bhai
زینبؑ نے کہا سچ ہے تمہیں مر گئے بھائی

Sab kunbe ko Abbas fana kar gaye bhai
سب کنبے کو عباسؑ فنا کر گئے بھائی

Aafaq se ab Hamza-e-Haidar gaye bhai
آفاق سے اب حمزۂ حیدرؑ گئے بھائی

Hum majlis-e-hakim mein khule sar gaye bhai
ہم مجلس حاکم میں کھلے سر گئے بھائی

Main jaan chuki qaid-e-musibat mein pari hoon
میں جان چکی قید مصیبت میں پڑی ہوں

Ab ghar mein nahin balwe mein sar nange khari hoon
اب گھر میں نہیں بلوے میں سر ننگے کھڑی ہوں

Zainab (a) said, 'It is true: it is you who have died, brother;
Abbas (a) has left the whole family destroyed, brother;
the Hamza (a) of Haidar (a) has gone from the world, brother;
we have gone bareheaded into the ruler's court, brother.
I know now that I lie in the prison of affliction;
I am no longer at home; I stand bareheaded among the mob.'

117

Nagah sada aai ke ae Fatima ke laal
ناگاہ صدا آئی کہ اے فاطمہؑ کے لال

Jald aao ke lasha mera ab hota hai pamaal
جلد آؤ کہ لاشہ مرا اب ہوتا ہے پامال

Zainab ne kaha zinda hain Abbas-e-khush iqbal
زینبؑ نے کہا زندہ ہیں عباسؑ خوش اقبال

Tum jaao main yaan bahr-e-shifa kholti hoon baal
تم جاؤ میں یاں بہر شفا کھولتی ہوں بال

Shah bole lab-e-gor Sakina ka chacha hai
شہ بولے لب گور سکینہؑ کا چچا ہے

Is fauj ka maara hua koi bhi bacha hai
اس فوج کا مارا ہوا کوئی بھی بچا ہے

Suddenly a voice came: 'O son of Fatima (a),
come quickly, for my body is now being trampled!'
Zainab (a) said, 'Fortunate Abbas (a) is still alive;
you go; here I will loosen my hair to pray for his healing.'
The King said, 'Sakina's (a) uncle is at the edge of the grave;
has anyone struck down by this army ever survived?'

Free to read, copy and share

118

Akbar ke sahare se chale nahr pe aqa
اکبرؑ کے سہارے سے چلے نہر پہ آقا

Gah hosh tha gah ghash kabhi sakta kabhi nauha
کہ ہوش تھا کہ غش کبھی سکتہ کبھی نوحا

Likha hai ke tukre hue yun saqqe ki aaza
لکھا ہے کہ ٹکڑے ہوئے یوں سقے کی اعضا

Ik haath to maqtal mein mila ik lab-e-darya
اک ہاتھ تو مقتل میں ملا اک لب دریا

Zahra ka pisar ran mein jo zer-e-shajar aaya
زہراؑ کا پسر رن میں جو زیر شجر آیا

Ik haath tarapta hua shah ko nazar aaya
اک ہاتھ تڑپتا ہوا شہ کو نظر آیا

Leaning on Akbar (a), the master went to the river,
now conscious, now fainting, now stunned, now lamenting.
It is written that the water-bearer's limbs were cut to pieces thus:
one hand was found on the field of slaughter, one on the river bank.
When Zahra's (a) son came beneath the tree on the battlefield,
the King saw a hand writhing.

119

Gir kar shah-e-wala ne ye Akbar se kahi baat
گر کر شہ والا نے یہ اکبر سے کہی بات

Ae laal utha lo mere bazu ka hai ye haath
اے لال اٹھا لو مرے بازو کا ہے یہ ہاتھ

Ye haath rakhe seena pe wo waris-e-sadat
یہ ہاتھ رکھے سینہ پہ وہ وارث سادات

Pahuncha jo sar-e-lasha-e-Abbas-e-khush auqat
پہنچا جو سر لاشۂ عباسؑ خوش اوقات

Haihat qalam teghon se shane nazar aaye
ہیہات قلم تیغوں سے شانے نظر آئے

Sar nange Yadullah sirhane nazar aaye
سر ننگے یداللہ سرہانے نظر آئے

Falling, the noble King said this to Akbar:
'My son, pick it up: this is the hand of my own arm.'
Holding this hand to his breast, the heir of the Sayyids
came to the body of the contented Abbas (a):
alas! he saw the shoulders severed by swords,
and the Hand of God, bareheaded, at his pillow.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

120

Be sakhta maathe pe rakha shah ne maatha
بے ساختہ ماتھے پہ رکھا شاہ نے ماتھا

Lab rakh ke labon par kaha wa hasrat-o-dar wa
لب رکھ کے لبوں پر کہا وا حسرت و در وا

Ye teer ye aankh aur ye neza ye kaleja
یہ تیر یہ آنکھ اور یہ نیزہ یہ کلیجا

Wa qurrata aina mere wa muhjata qalba
وا قرۃ عینا مرے وا مہجۃ قلبا

Kuchh munh se to bolo mere ghamkhwar biradar
کچھ منہ سے تو بولو مرے غمخوار برادر

Abbas Abul Fazl alamdar biradar
عباسؑ ابوالفضل علمدار برادر

Unbidden, the King laid his forehead on his forehead;
laying his lips on his lips, he cried, 'Alas, the grief! Alas!
This arrow, this eye, and this spear, this heart!
Alas, delight of my eyes! Alas, blood of my heart!
Say something, my brother who shared my grief,
Abbas (a), Abul Fazl, my standard-bearer, brother!'

121

Is jaan shikani mein jo suna shewan-e-Maula
اس جاں شکنی میں جو سنا شیون مولا

Tazeem ki niyyat mein kate shanon ko teka
تعظیم کی نیت میں کٹے شانوں کو ٹیکا

Phir paaon samete ke na hon painti aqa
پھر پاؤں سمیٹے کہ نہ ہوں پائنتی آقا

Shah bole na takleef karo ae mere shaida
شہ بولے نہ تکلیف کرو اے میرے شیدا

Ki arz main phailaye hue paaon para hoon
کی عرض میں پھیلائے ہوئے پاؤں پڑا ہوں

Hazrat ne ye farmaya sirhane main khara hoon
حضرت نے یہ فرمایا سرہانے میں کھڑا ہوں

When, in his death agony, he heard the master's lament,
he propped himself on his severed shoulders, meaning to show respect;
then he drew in his feet, so that his master should not stand at his feet.
The King said, 'Do not trouble yourself, my devoted one.'
He said, 'I am lying here with my feet stretched out.'
The Hazrat said, 'I am standing at your head.'

Free to read, copy and share

122

Yaan thi ye qayamat wahan khema mein ye mahshar
یاں تھی یہ قیامت وہاں خیمہ میں یہ محشر

Dar par thin Nabi zadiyan sab khole hue sar
در پر تھیں نبی زادیاں سب کھولے ہوئے سر

Tashweesh thi kyun laash ko le aaye na sarwar
تشویش تھی کیوں لاش کو لے آئے نہ سرور

Abbas ka farzand saraseema tha baahar
عباسؑ کا فرزند سراسیمہ تھا باہر

Tan rashe mein khursheed-e-darakhshan ki tarah tha
تن رعشے میں خورشید درخشاں کی طرح تھا

Dil tukre yateemon ke girebaan ki tarah tha
دل ٹکڑے یتیموں کے گریباں کی طرح تھا

Here was this doom; there, in the tent, this uproar:
the daughters of the Prophet's house were all at the door, heads uncovered,
anxious that the master had not brought back the body;
the son of Abbas (a) stood outside in distress.
His body trembled like the shining sun;
his heart was in pieces like the collars of orphans.

123

Zid karta tha maan se mere baba ko bula do
ضد کرتا تھا ماں سے مرے بابا کو بلا دو

Main nahr pe jaata hoon mera neemcha la do
میں نہر پہ جاتا ہوں مرا نیمچہ لادو

Maan kehti thi baba ko Sakina ke dua do
ماں کہتی تھی بابا کو سکینہؑ کے دعا دو

Baba bhi chacha ko kaho baba ko bhula do
بابا بھی چچا کو کہو بابا کو بھلا دو

Haidar se naveen saal chhuraya tha qaza ne
حیدرؑ سے نویں سال چھڑایا تھا قضا نے

Wari tere baba ko bhi paala tha chacha ne
واری ترے بابا کو بھی پالا تھا چچا نے

He kept pleading with his mother: 'Call my father;
I am going to the river; bring me my short sword.'
His mother said, 'Pray for Sakina's (a) father;
call your uncle father too; forget your father.
Death parted him from Haidar (a) in his ninth year;
my dear, your father too was raised by your uncle.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

124

Darya pe abhi ghir gaye the baap tumhare
دریا پہ ابھی گھر گئے تھے باپ تمہارے

Pyare ke chacha jaan unhen lene ko sidhare
پیارے کے چچا جان انہیں لینے کو سدھارے

Tu reh yaheen ae mere randape ke sahare
تو رہ یہیں اے میرے رنڈاپے کے سہارے

Baba ko chacha jaan liye aate hain pyare
بابا کو چچا جاں لیے آتے ہیں پیارے

Tha ishq jo Abbas se us nek khalaf ko
تھا عشق جو عباسؑ سے اس نیک خلف کو

Barh barh ke nazar karta tha darya ki taraf ko
بڑھ بڑھ کے نظر کرتا تھا دریا کی طرف کو

'Your father was surrounded at the river just now;
my darling's uncle has gone to bring him;
you stay here, support of my widowhood;
your uncle is bringing your father back, my darling.'
So great was that good son's love for Abbas (a)
that he kept stepping forward to look towards the river.

125

Nagah phira peetta munh ko wo pareshan
ناگاہ پھر اپیٹتا منہ کو وہ پریشاں

Zainab ne kaha khair to hai main tere qurban
زینبؑ نے کہا خیر تو ہے میں ترے قرباں

Chillaya ke khadim ki yateemi ka hai saaman
چلایا کہ خادم کی یتیمی کا ہے ساماں

Bhaiya Ali Akbar ne abhi phara girebaan
بھیا علی اکبر نے ابھی پھاڑا گریباں

Bin baap ka bachpan mein hamen kar gaye baba
بن باپ کا بچپن میں ہمیں کر گئے بابا

Murde se lipatte hain chacha mar gaye baba
مردے سے لپٹتے ہیں چچا مر گئے بابا

Suddenly the distraught boy came back, beating his face;
Zainab (a) said, 'Is all well? My life for you.'
He cried, 'Your servant's orphanhood has come;
brother Ali Akbar has just torn open his collar;
Father has left me fatherless in childhood;
Uncle is clinging to the dead: Father has died.'

Free to read, copy and share

126

Ye ghul tha jo Maula liye mashk-o-alam aaye
یہ غل تھا جو مولا لیے مشک و علم آئے

Khema mein kamar pakre Imam-e-umam aaye
خیمہ میں کمر پکڑے امام امم آئے

Aur gird-e-alam baal bikhere haram aaye
اور گرد علم بال بکھیرے حرم آئے

Zainab se kaha shah ne behan lut ke hum aaye
زینبؑ سے کہا شہ نے بہن لٹ کے ہم آئے

Bhai ke yateemon ki parastar ho Zainab
بھائی کے یتیموں کی پرستار ہو زینبؑ

Tum muhtamim-e-sog-e-alamdar ho Zainab
تم مہتمم سوگ علمدار ہو زینب

Amid this outcry the master came with the water-skin and the standard;
the Imam of the nations came into the tent holding his back,
and the women came round the standard with their hair loose.
The King said to Zainab (a), 'Sister, I have come back plundered;
be the guardian of your brother's orphans, Zainab (a);
you take charge of the mourning for the standard-bearer, Zainab.

127

Haan sog ka Haidar ke siyah farsh bichhao
ہاں سوگ کا حیدرؑ کے سیہ فرش بچھاؤ

Hain rakht-e-aza jis mein wo sandooq mangao
ہیں رخت عزا جس میں وہ صندوق منگاؤ

Do sab ko siyah jore azadar banao
دو سب کو سیہ جوڑے عزادار بناؤ

Shabbar ki aza ka hamen malboos pinhao
شبر کی عزا کا ہمیں ملبوس پنہاؤ

Tum pehno wo kaali kafni Aal-e-Aba mein
تم پہنو وہ کالی کفنی آل عبا میں

Jo Fatima ne pehni thi Nana ki aza mein
جو فاطمہؑ نے پہنی تھی نانا کی عزا میں

Come, spread the black carpet of mourning for Haidar (a);
send for the chest that holds the mourning clothes;
give everyone black garments, make them mourners;
dress me in the clothes I wore in mourning for Shabbar.
Among the Family of the Cloak, you put on that black mourning shift
that Fatima (a) wore in mourning for our grandfather.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

128

Abbas ka ye sog nahin sog hai mera
عباسؑ کا یہ سوگ نہیں سوگ ہے میرا

Abbas ka matam ho mere ghar mein jo barpa
عباسؑ کا ماتم ہو مرے گھر میں جو برپا

Nauhe mein na Abbas kahe na kahe saqqa
نوحے میں نہ عباسؑ کہے نہ کہے سقا

Jo bain kare ro ke kahe haaye Husaina
جو بین کرے رو کے کہے ہائے حسینا

Sab laundiyan yun roen ke aqa gaya maara
سب لونڈیاں یوں روئیں کہ آقا گیا مارا

Chillaye Sakina bhi ke baba gaya maara
چلائے سکینہؑ بھی کہ بابا گیا مارا

This is not mourning for Abbas (a); it is mourning for me.
When mourning for Abbas (a) is held in my house,
let no one say 'Abbas (a)' or 'water-bearer' in the lament;
whoever wails, let her weep and say, "Alas, Husain (a)!"
Let all the maids weep, "Our master has been slain!"
and let Sakina (a) too cry out, "My father has been slain!"'

129

Zainab ne kaha hain meri qismat ke yahi kaam
زینب نے کہا ہیں میری قسمت کے یہی کام

Dene lagi matam ke ye jore to wo nakam
دینے لگی ماتم کے یہ جوڑے تو وہ ناکام

Fizza se kaha sog ka karti hoon sar anjam
فضہ سے کہا سوگ کا کرتی ہوں سر انجام

Thanda hua hai hai alam-e-lashkar-e-Islam
ٹھنڈا ہوا ہے ہے علم لشکر اسلام

Zahra ka libas apne liye chhaant rahi hoon
زہراؑ کا لباس اپنے لیے چھانٹ رہی ہوں

Abbas ka malboos-e-aza baant rahi hoon
عباسؑ کا ملبوس عزا بانٹ رہی ہوں

Zainab said, 'Such are the tasks my fate holds.'
When that ill-fated lady began to hand out the mourning clothes,
she said to Fizza, 'I am making ready for the mourning;
alas, alas, the standard of the army of Islam has gone cold;
I am choosing Zahra's (a) garment for myself;
I am handing out the mourning clothes for Abbas (a).'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

130

Phir zer-e-alam farsh-e-siyah la ke bichhaya
پھر زیر علم فرش سیہ لا کے بچھایا

Aur bewa-e-Abbas ko khud la ke bithaya
اور بیوۂ عباسؑ کو خود لا کے بٹھایا

The jitne siyah posh unhen ro ke sunaya
تھے جتنے سیہ پوش انہیں رو کے سنایا

Qismat ne jawan bhai ka bhi daagh dikhaya
قسمت نے جواں بھائی کا بھی داغ دکھایا

Nasoor na kis tarah se ho dil mein jigar mein
ناسور نہ کس طرح سے ہو دل میں جگر میں

Matam hai alamdar ka sardar ke ghar mein
ماتم ہے علمدار کا سردار کے گھر میں

Then she brought the black carpet and spread it beneath the standard,
and herself brought the widow of Abbas (a) and seated her there;
weeping, she said to all who wore black:
'Fate has shown me the grief of a young brother too;
how should there not be a festering wound in heart and soul?
There is mourning for the standard-bearer in the master's house.'

131

Baqi koi dastoor-e-aza rehne na paaye
باقی کوئی دستور عزا رہنے نہ پائے

Ab khema mein apne har ik is khema se jaaye
اب خیمہ میں اپنے ہر اک اس خیمہ سے جائے

Ek ek yahan purse ko Abbas ke aaye
ایک ایک یہاں پُرسے کو عباسؑ کے آئے

Sar nange lab-e-farsh se Zainab use laaye
سر ننگے لب فرش سے زینبؑ اسے لائے

Ye Jafar-o-Hamza ka ye Haidar ka hai matam
یہ جعفر و حمزہ کا یہ حیدرؑ کا ہے ماتم

Shabbir ka Akbar ka aur Asghar ka hai matam
شبیر کا اکبرؑ کا اور اصغر کا ہے ماتم

'Let no custom of mourning be left undone;
now let each go from this tent to her own tent,
and let each one come here to mourn with us for Abbas (a);
bareheaded, Zainab (a) will lead her in from the edge of the carpet.
This is mourning for Jafar and Hamza, for Haidar (a);
it is mourning for Shabbir, for Akbar (a) and for Asghar.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

132

Sab khemon mein apne gayin karti hui zaari
سب خیموں میں اپنے گئیں کرتی ہوئی زاری

Yaan karne lagi bain Yadullah ki pyari
یاں کرنے لگی بین ید اللہ کی پیاری

Fizza ne kaha Zainab-e-muztar se main wari
فضہ نے کہا زینب مضطر سے میں واری

Ae bint-e-Ali aati hai Bano ki sawari
اے بنت علیؑ آتی ہے بانو کی سواری

Munh zer-e-alam dhaanpe alamdar ki bibi
منہ زیر علم ڈھانپے علمدار کی بی بی

Purse ke liye aati hai sardar ki bibi
پُرسے کے لیے آتی ہے سردار کی بی بی

All went to their tents, weeping aloud;
here the beloved of the Hand of God began to wail.
Fizza said to the distraught Zainab, 'My life for you:
O daughter of Ali (a), Bano's company is coming.
The standard-bearer's wife sits beneath the standard with her face covered;
the master's wife is coming to mourn with her.'

133

Bano ne qadam peechhe rakha farsh-e-siyah par
بانو نے قدم پیچھے رکھا فرش سیہ پر

Pehle wahan bithla diya Asghar ko khule sar
پہلے وہاں بٹھلا دیا اصغر کو کھلے سر

Phir soo-e-alam peetti daudi wo ye keh kar
پھر سوئے علم پیٹتی دوڑی وہ یہ کہہ کر

Qurban wafa par teri ae bazu-e-sarwar
قربان وفا پر تری اے بازوئے سرور

Sunti hoon tah-e-tegh-e-sitam ho gaye bazu
سنتی ہوں تہہ تیغ ستم ہو گئے بازو

Darya pe bahishti ke qalam ho gaye bazu
دریا پہ بہشتی کے قلم ہو گئے بازو

Bano set foot on the black carpet only after
she had first seated Asghar there, bareheaded;
then she ran towards the standard, beating herself and saying,
'My life for your loyalty, O arm of the master!
I hear your arms fell beneath the sword of cruelty;
at the river the water-bearer's arms were cut off.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

134

Abbas ko to main na samajhti thi biradar
عباسؑ کو تو میں نہ سمجھتی تھی برادر

Main un ko pisar kehti thi aur wo mujhe madar
میں ان کو پسر کہتی تھی اور وہ مجھے مادر

Is sher ke mar jaane se bekas hue sarwar
اس شیر کے مرجانے سے بیکس ہوئے سرور

Be jaan hua hafiz-e-jaan-e-Ali Akbar
بے جان ہوا حافظ جان علی اکبر

Sab kehte hain Hazrat ka biradar gaya maara
سب کہتے ہیں حضرت کا برادر گیا مارا

Poochho jo mere dil se to Akbar gaya maara
پوچھو جو مرے دل سے تو اکبرؑ گیا مارا

I never thought of Abbas (a) as a brother:
I called him son, and he called me mother.
With the death of this lion the master is left helpless;
the guardian of Ali Akbar's life is lifeless.
All say the Hazrat's brother has been slain;
ask my heart, and it is Akbar (a) who has been slain.'

135

Itne mein suni baali Sakina ki duhai
اتنے میں سنی بالی سکینہؑ کی دہائی

Zainab ne kaha rooh alamdar ki aai
زینب نے کہا روح علمدار کی آئی

Jore hue haathon ko wo Shabbir ki jaai
جوڑے ہوئے ہاتھوں کو وہ شبیر کی جائی

Kehti thi saza paani ke mangwane ki paai
کہتی تھی سزا پانی کے منگوانے کی پائی

Tazeer do ya dukhtar-e-Shabbir ko bakhsho
تعذیر دو یا دختر شبیر کو بخشو

Kis tarah kahoon main meri taqseer ko bakhsho
کس طرح کہوں میں مری تقصیر کو بخشو

Just then they heard little Sakina (a) crying out;
Zainab said, 'The standard-bearer's soul has come.'
With her hands joined, Shabbir's daughter
was saying, 'I have been punished for asking for water;
punish Shabbir's daughter, or forgive her;
how can I say, "Forgive my fault"?

Free to read, copy and share

136

Main ne tumhen bewa kiya rand sala pinhaya
میں نے تمہیں بیوہ کیا رنڈ سالہ پنہایا

Hai hai meri ik pyaas ne sab ghar ko rulaya
ہے ہے مری اک پیاس نے سب گھر کو رلایا

Kausar pe sidhara Asadullah ka jaaya
کوثر پہ سدھارا اسد اللہ کا جایا

Aur kunbe ka ilzam mere hisse mein aaya
اور کنبے کا الزام مرے حصے میں آیا

Insaf karo logon ye kya kar gaye ammu
انصاف کرو لوگوں یہ کیا کر گئے عمو

Main pyaasi ki pyaasi rahi aur mar gaye ammu
میں پیاسی کی پیاسی رہی اور مر گئے عمو

I have made you a widow and dressed you in widow's clothes;
alas, alas, my one thirst has made the whole house weep;
the son of the Lion of God has gone to Kausar,
and the blame for the family has fallen to my share.
Be just, people: what has my uncle done?
I stayed as thirsty as ever, and my uncle died.'

137

Baad is ke hua shor ke lo aati hai bewa
بعد اس کے ہوا شور کہ لو آتی ہے بیوہ

Tashreef nayi bewa ke ghar laati hai bewa
تشریف نئی بیوہ کے گھر لاتی ہے بیوہ

Ghunghat ko ulatte hue sharmati hai bewa
گھونگھٹ کو الٹتے ہوئے شرماتی ہے بیوہ

Sar gundha hua saas se khulwati hai bewa
سر گوندھا ہوا ساس سے کھلواتی ہے بیوہ

Zainab ne kaha bewa-e-farzand-e-Hasan hai
زینبؑ نے کہا بیوۂ فرزند حسنؑ ہے

Ye kyun nahin kehte mere Qasim ki dulhan hai
یہ کیوں نہیں کہتے مرے قاسمؑ کی دلہن ہے

After this a cry went up: 'See, a widow is coming;
a widow is coming to the house of a new widow;
the widow is shy as she lifts her veil;
the widow has her mother-in-law undo her braided hair.'
Zainab (a) said, 'She is the widow of Hasan's (a) son;
why not say she is my Qasim's (a) bride?'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

138

Kubra ko chachi paas jo Zainab ne bithaya
کبرأ کو چچی پاس جو زینبؑ نے بٹھایا

Us bewa ne ghunghat rukh-e-Kubra se hataya
اس بیوہ نے گھونگھٹ رخ کبریٰ سے ہٹایا

Aur poochha ke dulha tera kyun saath na aaya
اور پوچھا کہ دولہا ترا کیوں ساتھ نہ آیا

Afsos chachi ne tujhe mehman na bulaya
افسوس چچی نے تجھے مہماں نہ بلایا

Purse ko tu aai khalaf-e-sher-e-Khuda ke
پرسے کو تو آئی خلف شیر خدا کے

Pehla tera chala ye hua ghar mein chacha ke
پہلا ترا چالا یہ ہوا گھر میں چچا کے

When Zainab (a) seated Kubra (a) beside her aunt,
that widow lifted the veil from Kubra's (a) face
and asked, 'Why did your bridegroom not come with you?
Alas, your aunt never invited you as a guest;
you have come to mourn for the son of the Lion of God:
this is your first visit as a bride to your uncle's house.'

139

Nagah fughan zer-e-alam ye hui paida
ناگاہ فغاں زیر علم یہ ہوئی پیدا

Sayyidaniyo do madar-e-Abbas ko pursa
سیدانیو دو مادر عباسؑ کو پرسا

Tazeem ko sab uthe ke hai nala-e-Zahra
تعظیم کو سب اٹھے کہ ہے نالۂ زہراؑ

Zainab ne kaha amman watan mein hai wo dukhiya
زینبؑ نے کہا اماں وطن میں ہے وہ دکھیا

Aai ye nida paas hoon main door kahan hoon
آئی یہ ندا پاس ہوں میں دور کہاں ہوں

Abbas mera beta main Abbas ki maan hoon
عباسؑ مرا بیٹا میں عباسؑ کی ماں ہوں

Suddenly this lament arose beneath the standard:
'Ladies of the Sayyids, comfort the mother of Abbas (a)!'
All rose in respect, for it was the lament of Zahra (a);
Zainab (a) said, 'Mother, that grieving lady is in our homeland.'
A voice came: 'I am near; how am I far?
Abbas (a) is my son; I am the mother of Abbas (a).'

Free to read, copy and share

140

Rand sala bahu ko main pehnane ko hoon aai
رنڈ سالہ بہو کو میں پہنانے کو ہوں آئی

Ik hulla-e-pur noor hoon firdaus se laai
اک حُلۂ پر نور ہوں فردوس سے لائی

Abbas ke matam ki to saf tum ne bichhai
عباسؑ کے ماتم کی تو صف تم نے بچھائی

Saman-e-soyam hoga na kuchh ae meri jaai
سامان سوئم ہوگا نہ کچھ اے مری جائی

Tum roz-e-soyam haaye rawan Shaam ko hogi
تم روز سوئم ہائے رواں شام کو ہوگی

Chehlum ko kafan laash-e-alamdar ko dogi
چہلم کو کفن لاش علمدار کو دوگی

'I have come to dress my daughter-in-law in widow's clothes;
I have brought a robe of light from paradise.
You have spread the mat of mourning for Abbas (a),
but there will be nothing for the third-day rites, my daughter:
on the third day, alas, you will be on the road to Syria;
on the fortieth day you will give a shroud to the standard-bearer's body.'

141

Lo Haidariyo warid-e-majlis huin Zahra
لو حیدریو وارد مجلس ہوئیں زہراؑ

Do Fatima ki rooh ko Abbas ka pursa
دو فاطمہؑ کی روح کو عباسؑ کا پرسا

Ab tak nahin kafnaye gaye hain shah-e-wala
اب تک نہیں کفنائے گئے ہیں شہ والا

Be gor hai sardar-o-alamdar ka lasha
بے گور ہے سردار و علمدار کا لاشا

Rone nahin dete hain adu Aal-e-Nabi ko
رونے نہیں دیتے ہیں عدو آل نبی کو

Tum sab ke iwaz roo Husain ibn-e-Ali ko
تم سب کے عوض روؤ حسینؑ ابن علی کو

See, followers of Haidar, Zahra (a) has come into the gathering;
comfort the spirit of Fatima (a) for the loss of Abbas (a).
The noble King has not yet been shrouded;
the bodies of the master and the standard-bearer lie unburied;
the enemies do not let the Prophet's family weep:
you weep for Husain (a), son of Ali, in place of them all.

Free to read, copy and share

142

Khamosh Dabeer ab ke nahin nazm ka yara
خاموش دبیرؔ اب کہ نہیں نظم کا یارا

Maddah ka dil khanjar-e-gham se hai do para
مداح کا دل خنجر غم سے ہے دو پارا

Kafi pa-e-bakhshish ye waseela hai hamara
کافی پئے بخشش یہ وسیلہ ہے ہمارا

Ik hafte mein tasneef kiya marsiya saara
اک ہفتے میں تصنیف کیا مرثیہ سارا

Tujh par karam-e-khas hai ye Haq ke wali ka
تجھ پر کرم خاص ہے یہ حق کے ولی کا

Ye faiz hai sab madh-e-jigar band-e-Ali ka
یہ فیض ہے سب مدح جگر بند علیؑ کا

Be silent now, Dabeer, for there is no strength left for verse;
the eulogist's heart is split in two by the dagger of grief.
This is means enough for our forgiveness:
I composed the whole marsiya in a single week.
This is the special grace upon you of the friend of God;
all this is the bounty of praising the darling of Ali (a).

Printed from https://fzic.org/library/noha/kis-sher-ki-aamad-hai-ke-ran-kaanp-raha-hai-50012 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.